Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم
جلد 14 منگل، 20 فروری 2024ء، 9 شعبان المعظم 1445ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 274

مبینہ آڈیو لیک کیس کی سماعت

سرکاری افسران کی عدم پیشی پر عدالت برہم

مبینہ آڈیو لیک کیس کی سماعت، سرکاری افسران کی عدم پیشی پر عدالت برہم، عدالت کا ایف آئی اے اور آئی بی کے ڈائریکٹر جنرلز کی میڈیکل رپورٹ اگلی سماعت پر طلب کرنے کا حکم

بعدازاں عدالت نے قانونی معاونت کے لیے پاکستان بار کونسل کو دوبارہ نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت مارچ کے پہلے ہفتے تک ملتوی کردی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی اور سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے صاحبزادے نجم ثاقب کی مبینہ آڈیو لیک کے خلاف کیس پر سماعت کے دوران سرکاری افسران کی عدم پیشی پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ نجم ثاقب اور بشریٰ بی بی کی آڈیو لیک کے خلاف کیس کی سماعت جسٹس بابر ستار نے کی، راولپنڈی اسلام آباد یونین (بقیہ نمبر 32)


BIZNET
2024
Embracing Financial Inclusion & Business Transformati
President's Secretariat, Islamabad

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی بزنس نیٹ 2024ء" تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

احتیاطی تدابیر پر عمل کر کے مالی و جانی حادثات سے تحفظ ممکن ہے

ہنگامی صورتحال میں متعلقہ کمپلینٹ آفس یا ہیلپ لائن نمبر 118 پر کال کریں

بارشوں کے دوران بجلی تنصیبات سے مناسب فاصلہ رکھیں، چیف ایگزیکٹو آئیسکو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آئیسکو ریجن میں جاری بارشوں کے دوران بجلی حادثات سے صارفین کو محفوظ رکھنے کیلئے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر محمد امجد خان نے صارفین سے درخواست کی ہے کہ وہ بارش کے دوران بجلی کے کھمبوں، تاروں، ٹرانسفارمرز اور میٹرز سے مناسب فاصلہ رکھیں اور انہیں ہرگز نہ چھوئیں۔ جسم گیلا ہونے کی صورت میں برقی آلات (بقیہ نمبر 33)

عدالتیں انصاف کرنے میں دیر نہ کریں، یاسمین راشد

عوام سڑکوں پر ہے ملک جل رہا ہے، عدالتیں انصاف کرنے میں دیر نہ کریں، صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما و سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا ہے کہ عوام کی امانت میں خیانت ہوئی، عدالتیں عوام کے مینڈیٹ کی حفاظت کریں۔ انسداد دہشت گردی (بقیہ نمبر 36)

خیبرپختونخوا بارش نے تباہی مچادی 4 افراد جاں بحق

برف باری اور لینڈ سلائیڈنگ سے بند سڑکوں کو کھولنے کے لیے اقدامات تیز کردیے گئے

اسلام آباد/پشاور/کراچی/گلگت (این این آئی) ملک کے صوبہ خیبرپختونخوا میں بارش نے تباہی مچادی، بارش کے باعث گھروں کی چھتیں گرنے کے واقعات میں 4 افراد جاں بحق اور 9 زخمی شہری ہوگئے۔ صوابی (بقیہ نمبر 35)

عام انتخابات میں ناکامی، جے یو پی کے عہدیداران مستعفی

پاکستان پر غیرملکی دباؤ کی وجہ سے بھی مذہبی جماعتوں کو الیکشن میں دیوار سے لگایا گیا، اویس شاہ نورانی

کراچی (این این آئی) عام انتخابات میں ناکامی کے بعد جمعیت علما پاکستان کے عہدیداران اپنے عہدوں سے مستعفی ہوگئے ہیں۔ جمعیت علماء پاکستان کے مرکزی رہنما شاہ اویس نورانی نے عام انتخابات کے (بقیہ نمبر 34)

پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ آزاد ارکان سنی اتحاد کونسل میں شمولیت اختیار کریں گے

تحریک انصاف کا سنی اتحاد کونسل کے ساتھ

انتخابی اتحاد کا اعلان

ہم فرقہ واریت کے خلاف ہیں، عمر ایوب کا حکومت بنا کر سب سے پہلے عمران خان کی رہائی کے لیے اقدامات کرنے کا عزم، پی ٹی آئی نے سنی اتحاد سے متعلق بہترین فیصلہ کیا ہے، سنی اتحاد سے متعلق ہمارے کوئی تحفظات نہیں ہیں، ہم خوش ہیں، علامہ راجا ناصر عباس

اسلام آباد (این ایشن آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے حمایت یافتہ نو منتخب آزاد ارکان نے سنی اتحاد کونسل میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم قومی اسمبلی کی 180 نشستوں پر کامیاب ہوچکے ہیں، ہمارے تمام امیدواروں کے کاغذات نامزدگی میں پارٹی پی ٹی آئی لکھا تھا، قومی اسمبلی، پنجاب اور خیبرپختونخوا کی اسمبلیوں میں ہمارے امیدوار سنی اتحاد میں شمولیت اختیار کریں گے، الیکشن کمیشن میں خصوصی (بقیہ نمبر 39)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سروسز ہسپتال کی اپ گریڈیشن و سرجیکل بلاک کا افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

ہمیں اپنے اداروں اور نظام پر اعتماد کرنا چاہیے، مرتضیٰ سولنگی

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ ہمیں اپنے اداروں اور نظام پر اعتماد کرنا چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کمشنر راولپنڈی کے معاملے (بقیہ نمبر 38)

ملکہ کوہسار، برفباری کی پیشگوئی، سیاحوں کیلئے ایڈوائزری جاری

موسم خوشگوار ہونے کے بعد سیاحوں نے بڑی تعداد میں مری کا رخ کرلیا

مری (این این آئی) ملکہ کوہسار مری میں گزشتہ روز سے مسلسل ہونے والی بارش کے باعث راولپنڈی ٹریفک پولیس نے مری جانے والے سیاحوں کے لیے ایڈوائزری جاری کردی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مری میں گزشتہ روز سے تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کے بعد موسم انتہائی سرد ہوگیا جبکہ تیز ہواؤں کے باعث بجلی کا نظام بھی بری طرح (بقیہ نمبر 37)

پاک ایران گیس لائن پروجیکٹ 2 مراحل میں مکمل

پہلے گوادر تک بچھانے کا منصوبہ

سب سے پہلے گوادر سے پائپ لائن کا 80 کلومیٹر حصہ بچھانے کا منصوبہ تیار کر لیا گیا ہے

یہ ظاہر کیا جاسکے کہ اسلام آباد کے حکام اس میگا پراجیکٹ کے بارے میں کتنے سنجیدہ ہیں، ذرائع

اسلام آباد/اراجن پور (این این آئی) پاکستان کا ایران کیساتھ گیس لائن منصوبہ 2 مراحل میں مکمل کرنے کا فیصلہ، پاکستان نے اپنی سرزمین میں انتہائی تاخیر کا شکار گیس لائن منصوبے کو دو مرحلوں میں مکمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور سب سے پہلے گوادر سے پائپ لائن کا 80 کلومیٹر حصہ بچھانے کا منصوبہ تیار کرلیا گیا ہے تاکہ یہ ظاہر کیا جاسکے کہ اسلام آباد کے حکام اس میگا پراجیکٹ (بقیہ نمبر 41)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سروسز ہسپتال کی اپ گریڈیشن کے بعد بیڈز کا معائنہ کر رہے ہیں

پانچ ڈپٹی کمشنرز اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کے بیانات ریکارڈ

کسی قسم کا دباؤ نہیں تھا، سابق کمشنر کے الزامات پر اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے تحقیقات کا آغاز کر دیا

تمام الزامات کر دیئے، قومی اسمبلی کے 13 حلقوں کے ریٹرننگ افسران کے بیانات قلم بند کیے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) سابق کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کے مبینہ دھاندلی کے الزامات پر الیکشن کمیشن کی اعلیٰ سطح کی تحقیقاتی کمیٹی نے تفتیش کا آغاز کردیا ہے جس دوران گواہان نے سابق کمشنر کے الزامات کو مسترد کردیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ 5 ڈپٹی کمشنرز اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کے بیانات قلمبند کرلیے گئے ہیں، تمام افسران نے سابق کمشنر کے الزامات کی تردید کردی ہے۔ ذرائع (بقیہ نمبر 40)

قومی اسمبلی کی لائبریری اور ریسرچ سنٹر کی اپ گریڈیشن کا افتتاح

اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے قومی اسمبلی کی لائبریری اور ریسرچ سنٹر کی اپ گریڈیشن اور تزئین و آرائش کا سنگ بنیاد رکھ دیا

قومی اسمبلی کی لائبریری اور ریسرچ سنٹر کی اپ گریڈیشن 2050 تک کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جارہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی کی لائبریری اور ریسرچ سنٹر قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے انتہائی اہمیت کے حامل شعبے ہیں، یہ شعبے اراکین قومی اسمبلی کو موثر اور جدید تحقیق پر مبنی قانون سازی کرنے میں معلومات اور معاونت فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، قومی اسمبلی کی لائبریری اور ریسرچ سنٹر کو جدید خطوط پر استوار کرنا انتہائی خوش آئند ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار قومی اسمبلی کی لائبریری اور ریسرچ سنٹر کی اپ گریڈیشن اور تزئین و آرائش کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب (بقیہ نمبر 50)

میزان بینک نے سال 2023 کے مالیاتی نتائج کا اعلان کر دیا

بورڈ نے حصص یافتگان کیلئے 8 روپے (80 فیصد) فی شیئر کیش ڈیویڈنڈ دینے کی بھی منظوری دیدی

کراچی (این این آئی) میزان بینک نے مالیاتی نتائج کا اعلان کرتے ہوئے 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کے 84.5 ارب روپے (بقیہ نمبر 56)

جہلم پنڈ دادنخان سڑک کی تعمیر میں مبینہ کرپشن معاملہ

سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کی درخواست ضمانت پر سماعت ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت نے جہلم پنڈ دادن خان سڑک کی تعمیر میں مبینہ کرپشن معاملے پر سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کی درخواست ضمانت پر (بقیہ نمبر 42)

ملک بھر میں ستتر موٹر آپریشنز کے دوران ذخیرہ کی گئی کھاد، آٹا اور چینی برآمد

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں ستتر موٹر آپریشنز کے دوران ذخیرہ کی گئی کھاد، آٹا اور چینی برآمد کی گئی۔ ستمبر 2023 سے حکومتی احکامات کے پیشِ نظر ملک بھر سے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف آپریشن کا آغاز کیا گیا۔ 5 جنوری سے 11 فروری کے درمیان ملک بھر میں 77 موٹر آپریشنز کیے گئے۔ آپریشن میں 1 اعشاریہ سات پانچ سات میٹرک ٹن کھاد، 3 اعشاریہ چھ آٹھ سات (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی پولیس کی پتنگ بازوں کے خلاف کارروائیاں

چھ ملزمان گرفتار، 1000 سے زائد پتنگیں اور ڈوریں برآمد کرلی گئیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی پتنگ بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان گرفتار کرکے 1000 سے زائد پتنگیں اور ڈوریں برآمد کرلی گئیں۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم یاسر سے (بقیہ نمبر 44)

مسلم لیگ ن میں شمولیت اختیار کرنے والے کاشف نوید پنسوتہ شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن کے مرکزی سیکرٹریٹ میں سہولت ڈیسک قائم

اسلام آباد (این این آئی) آزاد امیدواروں کی سیاسی جماعت میں شمولیت کیلئے الیکشن کمیشن کے مرکزی سیکرٹریٹ میں سہولت ڈیسک قائم کر دیا گیا۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق آزاد امیدوار کسی بھی سیاسی جماعت میں شامل ہونا چاہیں ان کی سہولت کیلئے الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں (بقیہ نمبر 51)

چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی بزنس ایڈوائزری کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قومی اسمبلی کے تینوں حلقوں میں

امیدواروں کی کامیابی کے نوٹیفکیشن معطل

پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار شعیب شاہین نے طارق فضل چوہدری کی کامیابی کا نوٹیفکیشن چیلنج کیا تھا

اسلام آباد ہائی کورٹ نے حلقہ این اے 47 سے طارق فضل چوہدری کی کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں موجود قومی اسمبلی کے تینوں حلقوں میں امیدواروں کی کامیابی کے نوٹیفکیشن معطل کر دیے۔ پیر کو این اے 46 سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار انجم عقیل، این اے 47 سے طارق فضل چوہدری اور این اے 48 سے راجا خرم نواز کی کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل کیا گیا ہے۔ اسلام آباد کے حلقہ این 46، (بقیہ نمبر 45)

دبئی میں گلف فوڈ 2024 میں پاکستان پویلین کا افتتاح

پاکستان دنیا میں دودھ کی پیداوار کے لحاظ سے تیسرا بڑا ملک ہے، فیصل نیاز ترمذی

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے پیر کو دبئی میں جاری گلف فوڈ 2024 میں پاکستان پویلین کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف سٹالز کا دورہ کیا اور پاکستانی نمائش کنندگان سے تفصیلی بات (بقیہ نمبر 57)

الیکشن کمیشن متنازع حلقوں کے نتائج کا آڈٹ کرے، فافن

پریزائیڈنگ افسر کی سیل یا آر او کی سیل کیساتھ کھولے گئے بیگز، بیلٹ پیپرز اکاؤنٹ بیگ، جاری بیلٹ پیپرز کی کاؤنٹر فوائل کو دیکھا جائے

الیکشن کے بعد کی صورتحال کا تقاضا ہے، الیکشن کمیشن فوری ردعمل دے، معاملے کی تکنیکی تحقیقات کرائی جائے، رپورٹ

اسلام آباد (چیف رپورٹر) فافن نے تجویز دی ہے کہ جن حلقوں کے نتائج کو چیلنج کیا گیا الیکشن کمیشن ان کے نتائج کا آڈٹ کرے، میں سیاسی جماعتوں کے امیدواروں اور آزاد مبصرین کو شامل کیا جائے۔ فافن کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ الیکشن کے بعد کی صورتحال کا تقاضا ہے، الیکشن کمیشن فوری ردعمل دے، معاملے کی تکنیکی تحقیقات کرائی جائے، پریزائیڈنگ افسر کی سیل یا آر او کی سیل کیساتھ (بقیہ نمبر 58)

کراچی، سندھ اسمبلی کے گارڈن کی تزئین و آرائش کا کام جاری ہے

ہماری 180 سیٹیں آئیں، 93 دی گئیں، لطیف کھوسہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما لطیف کھوسہ نے کہا ہے کہ ہماری 180 سیٹیں آئی ہیں اور 93 سیٹیں دی گئی ہیں۔ ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے لطیف کھوسہ نے کہا کہ یہ کہتے ہیں کمشنر راولپنڈی کا انتخابات (بقیہ نمبر 46)

راہزنی کی وارداتوں میں مطلوب گروہ کے تین ارکان گرفتار

قبضہ سے چھینے گئے موٹر سائیکل، قیمتی موبائل فون، نقدی اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ سمبل پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے تین ارکان کو گرفتار کر کے اسلحہ کی (بقیہ نمبر 52)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی زیر صدارت میٹنگ

زنیرہ اظفر نے تھانوں کے محرران کی کارکردگی کا جائزہ لیا، ہدایات دیں

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی زیرصدارت پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں ڈی (بقیہ نمبر 53)

سندھ ہائی کورٹ، نوکریوں پر پابندی میں 4 مارچ تک توسیع کردی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے سندھ کے سرکاری محکموں میں گریڈ ایک سے 15 تک سرکاری ملازمین کی بھرتیوں پر پابندی کی درخواست پر آئندہ سماعت پر دیگر فریقین سے دلائل طلب کرلیے۔ (بقیہ نمبر 47)

گوادر کے ساحل پر مردہ ڈولفن پائی گئی

بلوچستان کے سمندر میں ڈولفن کی تقریباً 12 اقسام پائی جاتی ہیں، رپورٹ

گوادر (این این آئی) بلوچستان کے شہر گوادر کے ساحل پر ایک ڈولفن مردہ حالت میں پائی گئی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی عبدالرحیم کے مطابق گوادر کے ساحل سے برآمد ہونے والی مردہ ڈولفن کی موت جال میں پھنس کر ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ماہی گیر ڈولفن کو جال سے آزاد کیے بغیر ساحل پر لائے تھے جس کی وجہ سے اس کی موت (بقیہ نمبر 59)

ممنوعہ سی بی ڈی آئل سے بھرے ویپس کی آن لائن فروخت میں ملوث گروہ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے ممنوعہ سی بی ڈی آئل سے بھرے ویپس کی آن لائن پلیٹ فارم کے ذریعے فروخت میں ملوث نیٹ ورک کے بین الصوبائی گروہ کو گرفتار کرلیا۔ اینٹی نارکوٹکس (بقیہ نمبر 60)

9 مئی مقدمات: علی امین گنڈاپور، فیصل جاوید کی راہداری ضمانت منظور

عمران خان سے مشاورت کے بعد کابینہ تشکیل کے معاملات طے ہوں گے، علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے نامزد وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا اور رہنما تحریک انصاف علی امین گنڈاپور اور سینیٹر فیصل جاوید کی اسلام آباد میں درج مقدمات میں (بقیہ نمبر 48)

کراچی، پاکستان سٹاک ایکسچینج میں مندی کا رجحان ہے بروکر پریشان حال ہیں

سندھ میں تیل و گیس کے نئے ذخائر دریافت

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی (او جی ڈی سی ایل) نے سندھ میں تیل و گیس کے نئے ذخائر کی دریافت کا اعلان کیا ہے اس حوالے سے او جی ڈی سی ایل نے بتایا کہ سندھ کے ضلع خیر پور سے گیس دریافت ہوئی ہے۔

چین نے پاکستانی عوام کے انتخاب کے مکمل احترام کا اعلان کر دیا

پاکستان کے عام انتخابات پرامن طریقے سے ہوئے، چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (این این آئی) چینی وزارت خارجہ کے ترجمان ماؤ ننگ نے پاکستان کے عام انتخابات کے حوالے سے کہا ہے کہ پاکستان کے عام انتخابات عمومی طور پر، پرامن طریقے سے ہوئے اور ہم اس پر پاکستان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ پیر کے روز ایک پریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ ایک دوست ہمسایہ ملک کے طور پر چین، پاکستانی عوام کے انتخاب کا مکمل احترام کرتا ہے۔

سی ڈی اے ملازمین کے حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہے، چوہدری محمد یسین

اسلام آباد کا چڑیا گھر شہریوں کے لیے اہم تفریح گاہ تھی اور سی ڈی اے انتظامیہ اس کو احسن طریقے سے چلا رہی تھی

اسلام آباد کا چڑیا گھر بند ہونا اسلام آباد کے شہریوں کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے اور شہری اس تفریح اور ماحول سے محروم ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سی ڈی اے کے اثاثوں کے تحفظ کو یقینی بنا کر شہریوں کے استعمال کے لیے ترجیح بنیادوں پر کھولے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار سی ڈی اے مزدور یونین سی بی اے کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یسین، صدر اورنگزیب خان، چیئرمین راجہ شاکر زمان کیانی، علی اصغر بٹ ایڈیشنل جنرل سیکرٹری و دیگر نے مشترکہ بیان میں کیا۔ انھوں نے کہا کہ اسلام آباد کا چڑیا گھر شہریوں کے لیے اہم تفریح گاہ تھی اور سی ڈی اے انتظامیہ اس کو احسن طریقے سے چلا رہی تھی۔ لیکن اسلام آباد ہائی کورٹ کے آرڈر کے مطابق چڑیا گھر کو وزارت موسمیاتی تبدیلی کے (بقیہ نمبر 49)

چارسدہ میں ہونے والی بارش کے باعث ایک مکان کی چھت زمین بوس ہوچکی ہے

انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کا تھانہ سیکرٹریٹ میں آپریشن

56 گھروں، 23 گاڑیوں، 47 موٹر سائیکلوں اور 189 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ سیکرٹریٹ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کے دوران 56 گھروں، 23 گاڑیوں، 47 موٹر سائیکلوں اور 189 مشکوک افراد کو چیک کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آبا (بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد، تین بھکاریوں سمیت 19 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

مال مسروقہ منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس نے 24 گھنٹوں کے دوران تین پیشہ ور بھکاریوں سمیت 19 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرکے مال مسروقہ منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹل پولیس کا (بقیہ نمبر 55)

خیرپور، 6 سالہ بچے کو قتل کرنیوالے 2 ملزمان مبینہ مقابلے میں ہلاک

خیرپور (این این آئی) چھ سالہ بچے کو قتل کر کے ٹکڑے کھیتوں میں پھینکنے والے 2 ملزمان مبینہ مقابلے میں مارے گئے۔ پولیس نے دعویٰ کیا کہ سندھ کے ضلع خیرپور میں 6 سال کے بچے کو قتل کر کے ٹکڑے کھیتوں میں پھینکنے والے دو ملزمان کو مبینہ مقابلے میں ہلاک کردیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ کوٹ ڈی جی میں خفیہ اطلاع پر پولیس پہنچی تو ملزمان نے فائرنگ کردی۔

تحریک انصاف کے رہنما احمد اویس ایڈووکیٹ مبینہ دھاندلی کیخلاف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

یورپی یونین سے منسوب جعلی پریس ریلیز

ورپی یونین نے پاکستان میں عام انتخابات 2024ء کے حوالے سے سوشل میڈیا پر زیرگردش خود سے منسوب بیان کی تردید کردی۔ یورپی یونین کی جانب سے سماجی رابطے کے ذریعے ایکس پر جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ہمیں معلوم ہے کہ عام انتخابات سے متعلق یورپی یونین کے بیان کا جعلی ورژن گردش کررہا ہے اور اس کا غلط استعمال کیا جارہا ہے۔ یورپی یونین نیا اصل پریس ریلیز جاری کردی۔ پاکستان مسلم لیگ (نواز) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے جعلی اور اصلی دونوں بیانات شیئر کردیے۔ 8 فروری کے انتخابات کے بعد عالمی رد عمل سامنے آرہا ہے کئی ممالک کی طرف سے انتخابات پر تحفظات کا اظہار کیا گیا۔ کئی ممالک کی طرف سے سخت لہجہ اپنایا گیا۔ دفتر خارجہ کی طرف سے ایسے ردعمل کو منفی اور لہجے کو نامناسب قرار دیا تھا۔ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کئی ممالک کے ایسے ہی ردعمل کے جواب میں کہہ چکے ہیں کہ پاکستان کسی ملک کے معاملات میں نہ تو مداخلت کرتا ہے اور نہ ہی مشورے دیتا ہے ، لہٰذا یہ ممالک بھی پاکستان کو ڈکٹیٹ کرنے سے باز رہیں۔ کئی مبصرین کی طرف سے پاکستان میں ہونے والے انتخابات پر اطمینان کا اظہار بھی کیا گیا ہے ۔ انتخابات کو دھاندلی زدہ قرار دینے والے حلقے ان مبصرین کا حوالہ نہیں دیتے جو انتخابات پر اطمینان کا اظہار کررہے ہیں۔ تحریک انصاف ایسے ردعمل کو بھی اپنے حق میں استعمال کرنے کی کوشش کرتی ہے جیسا کہ یورپی یونین کی پریس ریلیز کو ٹیمپر کرکے اپنے مقاصد کے لیے استعمال کیا گیا۔ یہ پی ٹی آئی کا پرانا وتیرہ ہے، کسی دور میں بزرگ کشمیری رہنما سید علی گیلانی کا جعلی ٹویٹر اکاؤنٹ بنا کے اپنی پارٹی کے حق میں اس پر بیان جاری کیے جاتے تھے۔ ایسی جعل سازی زیادہ دیر تک نہیں چل سکتی۔ دنیا بہت فاسٹ ہوچکی ہے۔ مزید برآں، آپ کے ملک میں دنیا بھر کے سفارت کار موجود ہیں اگر کسی پریس ریلیز کو اپنے حق میں بے جا طور پر استعمال کیا جائے گا تو متعلقہ سفارت خانوں کو اطلاع ہونے میں مطلق دیر نہیں لگتی جیسا کہ یورپی یونین کی پریس ریلیز کے ساتھ کیا گیا۔ تحریک انصاف کی اعلیٰ قیادت کو اس پر سخت نوٹس لینے کی ضرورت ہے کیونکہ جعل سازی سامنے آنے سے پارٹی اور اعلیٰ لیڈرشپ کی بھی سبکی ہوتی ہے اور اگر یہ سارا کچھ ٹاپ لیڈرشپ کے ایما پر کیا جارہا ہے تو اسے بدقسمتی اور افسوس ناک ہی قرار دیا جاسکتا ہے۔

یوسی سی تمام مذاہب کے لوگوں کو مساوی حقوق فراہم کرنا ہے!

تنزیلہ تاثیر @رانچی

مذہب اور مذہب کے بنائے ہوئے اصول انسانی زندگی کی خوشحالی کے لیے بنائے گئے ہیں۔ ہر مذہب اپنے احکام میں انسانی فلاح کا درس دیتا ہے۔ قرآن پاک میں انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے سینکڑوں احکامات موجود ہیں، حتیٰ کہ کسی دوسرے انسان کو تکلیف نہ پہنچنے کے لیے قرآن میں یہ کہہ کر تکبر سے چلنے کی ممانعت کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ جہاں قرآن پاک میں زمین پر تباہی پھیلانے والوں کی مذمت کی گئی ہے جبکہ دوسری طرف بے گناہوں کو قتل کرنے والوں کو پوری انسانیت کا قاتل قرار دیا گیا ہے ۔قرآن پاک کے تمام احکامات کے پیچھے عوامی فلاح کا جذبہ پوشیدہ ہے اور یہی وجہ ہے۔ تمام مکہ والوں کے ظلم وستم کو سہنے کے بعد فتح مکہ کے موقع پر انتقام لینے کا متفقہ قانون موجود ہونے کے باوجود حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ظالموں کے لیے عام معافی کا اعلان کیا۔

صوفی خانقاہ ایسوسی ایشن کے قومی صدر صوفی کوثر مجیدی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہندوستان ایک سیکولر جمہوری جمہوریہ ہے ، جس میں آئین میں تمام مذاہب اور ذاتوں کے لوگوں کو مساوی حقوق اور مواقع دینے کی بات کی گئی ہے۔ یکساں سول کوڈ جسے یونیفارم سول کوڈ (یوسی سی) کے نام سے بھی جانا جاتا ہے ، کے بارے میں بات کی گئی تھی کہ ہندوستان کے آئین کو مستقبل میں لاگو کیا جائے گا۔ سب سے پہلے تو ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ یکساں سول کوڈ کسی بھی طرح مذہب کے اصولوں کے خلاف نہیں ہے ، اسلام فوری حالات کی بنیاد پر قواعد وضوابط بنانے کی اجازت دیتا ہے اور انسانی قوانین کو بھلائی کے لیے بنایا جانا چاہیے ۔ ایک ایسے ملک میں جہاں مختلف نظریات، مذاہب اور فکر کے لوگ رہتے ہیں، ان سب پر حکمرانی کے لیے ایک ہی قانون ہونا چاہیے ۔ یکساں سول کوڈ شہریوں کو یکساں طور پر فوجداری اور دیوانی قانون کے دائرے میں لانا چاہتا ہے۔ تعزیری قوانین پورے ہندوستان میں یکساں طور پر لاگو ہوتے ہیں، اور بہت سے

دیوانی معاملات میں بھی وہی قوانین لاگو ہوتے ہیں جو یکساں سول کوڈ میں ہیں، مثال کے طور پر، سرکاری ملازمت میں۔ میں صوفی کوثر مجیدی کے بیان سے اتفاق کرتا ہوں، کیونکہ یکساں سول کوڈ کے ذریعے مذہب کے اندرونی معاملات میں کوئی مداخلت نہیں ہوتی۔ یکساں سول کوڈ کی مخالفت سیاسی اسٹنٹ سے زیادہ کچھ نہیں۔ آئین سے اپیل کرنے والے آئین ساز اسمبلی کے اس فیصلے کو کیوں مسترد کرتے رہتے ہیں، جس میں واضح ہے کہ یکساں سول کوڈ بنایا جائے گا؟ اہم حقیقت یہ ہے کہ شاہ بانو کیس کے فیصلے کے بعد ملک بھر میں ہنگامہ برپا ہوگیا تھا۔ نہ صرف اس وقت کی حکومت نے عدالت کے فیصلے کو تبدیل کرنے کا قانون بھی بنایا تھا، اس کا کیا فائدہ؟ جب کہ 2010 میں سپریم کورٹ کی جانب سے طلاق یافتہ خاتون کو شادی کرنے یا تاحیات زندگی بھر کے لیے بھتہ دینے کا حکم دیا گیا تھا۔ حالانکہ اس قانون کے تحت طلاق یافتہ عورتیں اپنے سسرال والوں سے کچھ نہیں لیتیں، کیونکہ کہیں نہ کہیں انہیں لگتا ہے کہ طلاق کے بعد اس مرد سے کھانے کا خرچہ لینا ہمارے مذہب اسلام کے خلاف ہے، یہ ناجائز ہے، شاید ایسا ہو۔ اہل علم حدیث کا حوالہ دے کر اس کی صحیح وضاحت کرسکیں گے اور اس پر عمل کیسے کیا جائے ، یہ ان کا فرض ہے کہ وہ آنے والی نسلوں کو اس کی معلومات فراہم کریں۔ میں جانتا ہوں کہ ہمارا معاشرہ طلاق یافتہ لڑکیوں کو ان کے باپ کے گھر تک برداشت نہیں کرتا۔ جو خواتین خود انحصاری کرتی ہیں انہیں اپنی زندگی سماجی تانے بانے کے ساتھ گزارنی پڑتی ہے کیونکہ وہ کتنی ہی صاف ستھری، دیانتدار یا رحم دل کیوں نہ ہوں، انہیں معاشرے کی سوتیلی ماں کو قبول کر کے ہی جینا پڑتا ہے، اس معاشرے میں مرد کیوں نہیں؟ دس شادیاں کرنے کے بجائے کئی جگہوں پر گھومنا پھرتا ہے، چاہے اس آدمی کے دس بچے ہوں، ایک پاؤں زمین پر اور دوسرا قبر کی طرف، ہمارا معاشرہ اس کے ساتھ عزت سے پیش آئے گا، اور اس کے ساتھ چائے کا گھونٹ پیتے ہوئے بھی وہ خوش ہو جائے گا۔ فلاں کی بہو سے ملیں، بات کریں گے ، لیکن ان عورتوں کے بارے میں سوچیں جن کے پاس خود انحصاری کا کوئی ذریعہ نہیں اور نہ ہی تعلیم یافتہ، ان سے بہتر کوئی نہیں جانتا کہ ان کی زندگی کا کیا بنے گا۔ شاید کچھ خواتین کا مقدر بھیک مانگنا ہوتا ہے، اور وہ بھیک مانگ کر ہی اپنی زندگی گزار رہی ہوں گی، اس کے علاوہ اگر وہ طلاق کے بعد اپنے بچوں کو اپنے پاس رکھ لیں تو ان کے پاس کوئی ذریعہ نہیں، ایسی عورتوں کا کیا حال ہوتا، کیسے؟ وہ اپنی زندگی گزار رہے ہوں گے، یہ سوچنے کی بات ہے، لیکن کوئی یہ نہیں سوچے گا کہ وہ صرف ان کی توہین کا عہد لیں گے، پھر سپریم کورٹ جس نے 2010 میں یہ قانون مطلقہ خواتین کے لیے پاس کیا گیا ہے، ہم اسے کسی بھی طرح غلط نہیں سمجھتے، اور اس پر عمل درآمد میں کوئی حرج نہیں ہونا چاہیے ، میاں بیوی کے بارے میں دن رات ہزاروں چرچے ہیں، یہ کام ٹھیکیداروں کے لیے چھوڑ دیا گیا ہے۔ ان کے بارے میں گپ شپ کرنا بھول جائیں، کیوں نہ ان بے سہارا خواتین کے بارے میں اچھا سوچیں، انہیں مذہب کے مطابق صحیح سے غلط بتائیں، انہیں فطرہ، زکوۃ، خیرات نہ دیں اور ان کے بچوں کو اچھے اسکول میں داخل کرائیں، اور ان کے ساتھ کچھ کریں۔ اس سے ہمارا معاشرہ بھی مستفید ہوگا اور ان بے سہارا خواتین کی زندگی سکون سے گزرے گی، انہیں سر اٹھا کر جینے کا حوصلہ بھی ملے گا، حالانکہ پرسنل لاز کی بہت سی مثالیں موجود ہیں جن کے تحت شہریوں کو زندگی گزارنی پڑتی ہے ۔ قوانین، اب اگر نہیں تو کب، کیونکہ یہ ایک اہم حقیقت ہے کہ کچھ لوگوں کے لیے یکساں سول کوڈ کی مخالفت کرنا مضحکہ خیز لگتا ہے ، جو کہ برابری کے حق کی علامت ہے۔

جو لوگ مذہب اور عقیدے کے نام پر اس کی مخالفت کر رہے ہیں، ان مبینہ لوگوں نے کورونا کے دور میں تمام مذاہب کے مذہبی مقامات پر عبادت پر پابندی کی حمایت کی تھی اور دلیل دی تھی کہ "انسانی جان بچانے کے لیے یہ بالکل ضروری ہے، اور سب کو اس پر عمل کرنا چاہیے۔ لہٰذا آج ان نام نہاد لوگوں کی طرف سے یکساں سول کوڈ کی مخالفت واضح کرتی ہے کہ صرف سیاست کی خاطر مذہب پر حملہ کرنے کا الزام لگا کر ایک مخصوص جماعت کو نشانہ بنانے کے نام پر مخالفت کی جا رہی ہے۔ ایسا کچھ نہیں ہے، یکساں سول کوڈ کا مقصد تمام مذاہب کے لوگوں کو مساوی حقوق فراہم کرنا ہے۔

خدا کیلئے اب بس کردو

تحریر۔۔۔۔سلیمان کھوکھر

یہ اکتوبر 58ءکا اواخر تھا کہ ایک جنرل محمد ایوب خاں نے پاکستان کے اقتدار پر قبضہ کرلیا۔ وجہ اس کی اصل یہ تھی کہ 56ءکا آئین بن چکا تھا جس کے تحت آئندہ عام انتخابات ہونے والے تھے۔ ظاہر ہے کہ اگر یہ انتخابات ہوجاتے تو کوئی سویلین ملک کی عنان اقتدار سنبھال لیتا۔ چونکہ مشرقی پاکستان کے ووٹ زیادہ تھے اس لئے یہ بھی "خطرہ" تھا کہ کہیں کوئی بنگالی ملک کا وزیر اعظم بن جائے لہٰذا اس کا حل یہ نکالا گیا کہ ملک میں جنرل ایوب خاں نے مارشل لاءلگا کر دس سال کے پاکستان کو یرغمال بنالیا۔

اگرچہ اس وقت کے صدر اور پاکستان کے شاطر ترین حکمران سکندر مرزا نے ابھی اپنے غلط طرز عمل سے ملک کو اس اندھیرے میں دھکیلا۔ کیونکہ 7اکتوبر 58ءکو اسی نے مارشل لاءنافذ کیا تھا اور جنرل ایوب خاں کو چیف مارشل لاءایڈمنسٹریٹر مقرر کیا۔ چندروز بعد ہی اسی جنرل ایوب خاں نے سکندر مرزا کو گرفتار کرکے اسے لندن جلاوطن کردیا اور خود پورے فوجی کروفر سے ملک پر حکومت کی۔ اسی نشے میں چور جنرل ایوب نے پاکستان کے ایک ذہین ترین سابق وزیراعظم حسین شہید سہروردی کو جب وہ بیروت میں تھے ،انہیں "پراسرار حالات "میں شہید کروادیا۔ پھر جب 64ءمیں اس کا مقابلہ قائد اعظم کی بہن محترمہ فاطمہ جناح سے ہوا تو وہ "بھاری اکثریت "سے بی ڈی ممبران کے ووٹ لے کر جیت گئی جو اس وقت کا انتخابی ادارہ تھا۔ پتہ نہیں سب کیسے ہوگیا۔ حساب آج ساٹھ سال بعد بھی ٹھیک طور پر واضح نہیں ہورہا۔ کیونکہ مادر ملت سب سے بڑے صوبے مشرقی پاکستان کراچی اور بلوچستان سے کامیاب ہوئیں۔ آج تک یہ معمہ حل نہیں ہوسکا کہ وہ ہاریں کیسے۔

ان انتخابات کے نتیجے میں ایوب خاں کے اقتدار کو "چپ "پڑگیا وہ غیر مقبول ہونا شروع ہوا تو 65ءکی جنگ شروع کرنے کے عمل نے اسے بچالیا اور وہ کچھ سال اور حکومت کرگیا۔ تاہم اسی دوران جنرل ایوب خاں نے مادر ملت کو بھی "پراسرار حالات "میں کراچی میں ان کی رہائش گاہ پر شہید کروادیا تاکہ اس کا کوئی بھی مخالف زمین پر نظر نہ آسکے۔ لیکن اسکے وہم وگمان میں بھی نہ تھا کہ دور بہت دور "اگرتلہ "کے مقام پر مشرقی پاکستان سے ابھرنے والا ایک نوجوان شیخ مجیب الرحمان جسے جنرل غدار قرار دے چکا تھا اور جنرل کا ہی وزیر خارجہ ذوالفقار علی بھٹو اور خود اس کی اپنی سپاہ کا سالار جنرل یحیٰ خاں اسکے کمزور ہونے کا انتظار کررہے ہیں۔

وہ پاکستان جو تیزی سے ترقی کی منازل طے کررہا تھا 65ءکی جنگ سے منہ کے بل زمین پر آن گرا تو ایوب خاں کے خلاف مشرقی ومغربی پاکستان میں تحریک چل پڑی ۔تحریک اپنے عروج پر پہنچی تو یحیٰ خاں نے جنرل ایوب خاں سے استعفیٰ لے لیا اور "ملک کو بچالیا "جی ہاں ہمارے ہاں یہی ہوتا آیا ہے کہ جب لوگوں میں تھوڑی سے حرکت اپنے حقوق حاصل کرنے کے لئے پیدا ہوتی ہے تو کوئی طالع آزما جرنل "ملک بچانے "آجاتا ہے اور لوگوں کی گردن میں طوق ڈال دیتا ہے۔

اب یحیٰ خاں کا مارشل لاءشروع ہوا۔ اس نے پہلی بار "ایک فرد ایک ووٹ "کی بنیاد پر انتخابات کا اعلان کردیا اور ساتھ ہی یہ شرط عائد کردی کہ اگر 120دنوں میں منتخب اسمبلی آئین نہ بنا سکی تو اسے توڑ دیا جائے گا۔ سیاسی جماعتوں نے ایک طویل انتخابی مہم چلائی اور 70ءکے انتخابات کے نتیجے میں مشرقی پاکستان سے شیخ مجیب الرحمان کی جماعت عوامی لیگ نے 162 نشستیں حاصل کرکے سب کو حیران کردیا۔ دوسری طرف ذوالفقار علی بھٹو مغربی پاکستان سے 81 نشستیں حاصل کرکے مغربی پاکستان کی سب سے بڑی جماعت کے طور پر ابھرے۔

اب منظر نامہ کچھ یوں تھا کہ مشرقی پاکستان میں عوامی لیگ اور مغربی پاکستان میں پاکستان پیپلز پارٹی منتخب شدہ اکثریتی جماعتیں تھیں ۔ملک میں حکومت بنانے کا حق شیخ مجیب الرحمان کو تھا۔ ڈھاکہ میں قومی اسمبلی کا اجلاس بلاکر صدر پاکستان جنرل یحیٰ خاں نے غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کرکے اکثریت کے گلے پر چھری پھیردی۔ یہ اجلاس پھر دوبارہ کبھی نہ ہوسکا۔ اور نہ ہی شیخ مجیب الرحمان کا حق اقتدار تسلیم کیا گیا۔ بنگالیوں نے اپنے حق حکمرانی کے لئے تحریک چلائی تو جنرل یحیٰ خاں اور اس کے ٹولے نے بنگالیوں پر فوجی ایکشن شروع کردیا۔ حق مانگنے والوں کو حق کی جگہ موت ملی۔ ان کے گھربار لوٹ لئے گئے ۔انکی خواتین کے ساتھ زیادتیاں کی گئیں ۔ایک سال کے لگ بھگ جاری رہنے والے اس فوجی ایکشن کے نتیجے میں بالآخر عوام جیت گئے اور ان پر گولیاں برسانے والوں کو انڈین افواج کے سامنے ہتھیار ڈالنے پڑے جو تاریخ عالم کا سب سے بڑا سرنڈر تھا جس میں نوے ہزار فوجی اور اس سے متعلقہ اداروں کے لوگ گرفتار ہوکر جنگی قیدی بنے ۔گویا جنرل یحیٰ خاں نے بنگالی مسلمانوں کو اقتدار سونپنے کی بجائے ،ہندو دشمن کے سامنے ہتھیار پھینکنا زیادہ "باعزت "سمجھا۔

ایوب خاں کے بعد اب دوسرا جرنیل بھی عوام کے ہاتھوں رسوا ہوکر اقتدار کے ایوانوں سے اپنے گھر کو روانہ ہوچکا تھا۔ بقیہ پاکستان کی حکمرانی اب ذوالفقار علی بھٹو کے حصے میں آئی ۔اور 73ءمیں ایک متفقہ آئین بنا اور نافذ العمل ہوا۔ بھٹو نے نہ جانے کیوں قبل از وقت انتخابات کا اعلان کردیا۔ شائد اسکے ذہن میں تھا کہ وہ اپوزیشن کو دبا چکا ہے، کوئی سامنے نہیں لہٰذا یہ وقت انتخابات کے لئے موزوں ہے۔

انتخابات ہوئے مگر دھاندلی بھی بہت ہوئی۔ اپوزیشن جو پہلے ہی "پاکستان قومی اتحاد "کے نام سے اکٹھی ہوچکی تھی اس نے ایک زبردست تحریک چلائی اور ایک بار پھر فوج کے سربراہ جنرل ضیاالحق "ملک کو بچانے "کے نام پر اقتدار سنبھالنے آگئے ۔ان کا دور ظلم وستم سے بھرپور تھا۔ گیارہ سال تک وہ ملک کو جس سمت چاہتے لے جاتے ۔انہیں یہ بھی گمان تھا کہ وہ مضبوط ایمان والے ہیں اس لئے کوئی ان کو پچھاڑ نہیں سکتا مگر ان کے پیچھے بھی بے شک امریکہ کی مدد سے ہی سہی کچھ جرنیل لگے ہوئے تھے جنہوں نے آخر کار انہیں ایک فضائی حادثے میں مروا ڈالا۔ اس طرح ایک تیسرا حکمران جرنیل بھی اپنے غیر طبعی انجام کو پہنچا۔

آخری جرنیل جس نے سیاسی حکومت ختم کرکے اقتدار پر قبضہ کیا وہ جنرل پرویز مشرف تھا جس نے بڑی آن بان سے حکومت کی ،اس کے پیچھے بھی جنرل کیانی لگا ہوا تھا جس نے چیف جسٹس افتخار چوہدری کے ساتھ مل کر تحریک چلوائی اور جنرل پرویز مشرف کو اقتدار کی راہداریوں سے اٹھا کر دبئی کی گلیوں میں بھیج دیا۔ مگر جنرل مشرف آخری جنرل نہیں تھا جس نے سیاسی حکومت کو تباہ کیا ہو۔

SHOWBIZ شوبز

بالی ووڈ پر مزید 35 سال بادشاہت کروں گا، شاہ رخ خان

میرا کیریئر ختم ضرور ہوگا مگر یہ ابھی بہت دور ہے، بالی ووڈ کنگ



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے کنگ شاہ رخ خان کا کہنا ہے کہ وہ انڈسٹری پر مزید 35 سال راج کریں گے۔ دبئی میں ایک کانفرنس میں شرکت کے موقع پر شاہ رخ خان سے سوال کیا گیا کہ انہوں نے اب تک ہالی ووڈ کی کسی فلم میں کام کیوں نہیں کیا؟، جس پر شاہ رخ نے جواب دیا کہ میرا کیریئر ختم ضرور ہوگا مگر یہ ابھی بہت دور ہے۔ مجھے بالی ووڈ پر ابھی مزید 35 سال تک کام کرنا ہے۔ شاہ رخ نے گفتگو کے دوران انکشاف کیا کہ انہیں فلم سلم ڈاگ ملینیئر میں کام کی پیش کش ہوئی تھی مگر ان کا خیال تھا کہ یہ کردار ان کے لیے بہت چھوٹا تھا۔

ثنا جاوید کی نئی پوسٹ پر صارفین کشمکش میں مبتلا

امریکی پاپ سٹار راک بینڈ امیجن ڈراگن کا مشہور گانا بیلیور شیئر کیا ہے

کراچی (این این آئی) اداکارہ ثنا جاوید کی معنی خیز پوسٹ پر سوشل میڈیا صارفین کشمکش میں مبتلا ہوگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انسٹاگرام پر اداکارہ نے سٹوری شیئر کی ہے جس میں انہوں نے عالمی شہرت یافتہ امریکی پاپ راک بینڈ امیجن ڈراگن کا مشہور گانا بیلیور شیئر کیا ہے۔ اداکارہ نے اس گانے کے چند معنی خیز بول اپنی انسٹا اسٹوری میں شیئر کیے ہیں، جس میں ایک ایسے شخص کی کہانی سنائی گئی ہے جو چھوٹی سی عمر میں زندگی کی تلخیوں کا سامنا کرتے ہوئے بری طرح ٹوٹ گیا ہے، وہ شدید درد میں نظمیں لکھتا ہے اور بتاتا ہے کہ اس نے اپنے مشکل وقت سے سیکھا اور وہ اپنے درد کی شدت سے مضبوط بن گیا۔

کپل شرما نے نادر علی کیساتھ کام کرنے کی خواہش ظاہر کردی

کچھ پروجیکٹس پر کام کیا ہے، جب دبئی جاؤں گا تو رابطہ کروں گا، بھارتی کامیڈین

ممبئی (این این آئی) معروف بھارتی کامیڈین کپل شرما نے پاکستانی یوٹیوبر نادر علی کیساتھ دبئی میں کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یوٹیوبر نادر علی نے فیس بک اکاؤنٹ پر بھارتی کامیڈین کی جانب سے موصول ہونیوالی کال اور ان سے ہونیوالی گفتگو کی مختصر ویڈیو شیئر کی اور ساتھ لکھا کہ کپل بھائی جلد ہی آپ سے لاہور میں ملاقات ہوگی۔ مذکورہ ویڈیو کے آغاز میں بھارتی کامیڈین نادر علی سے حال احوال دریافت کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میں آپ کو اتنا پسند کرتا ہوں کہ ابھی میں آپ کا ہی شو دیکھ رہا تھا، آپ بہت اچھا شو کرتے ہیں،

دھرمیندر کا بیٹی ایشا دیول کو طلاق کے فیصلے پر نظر ثانی کا مشورہ

بھرت بیٹوں کی طرح، ایشا آنکھوں کا تارا، چاہتا ہوں ہمیشہ خوش رہیں، بھارتی اداکار



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ لیجنڈری اداکار دھرمیندر نے بیٹی و اداکارہ ایشا دیول کو طلاق کے فیصلے پر نظر ثانی کا مشورہ دے دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکار دھرمیندر نے بیٹی اور سابق داماد کو طلاق کے فیصلے پر نظر ثانی کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ اس سے نقصان صرف بچوں کا ہوگا۔ دھرمیندر نے کہا کہ میں طلاق کے حوالے سے ایشا دیول کے فیصلے کیخلاف نہیں ،لیکن چاہتا ہوں دونوں اس بارے میں دوبارہ غور کریں۔ انہوں نے کہا کہ بھرت تختانی بیٹوں کی طرح ہے، میری بہت عزت کرتا ہے جبکہ ایشا دیول آنکھوں کا تارا ہے۔

کنزی ہاشمی بھی بھارتی پنجابی فلم میں جلوہ گر ہونے کیلئے تیار

کراچی (این این آئی) اداکارہ کنزی ہاشمی نے بھارتی پنجابی فلم میں کام کرنے کی حامی بھر لی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارتی گلوکار جسی گل نے انسٹاگرام پر کنزی ہاشمی کو ٹیگ کرتے ہوئے نئی آنے والی بھارتی پنجابی فلم ’حال کی اے؟‘ کا پوسٹر شیئر کیا ہے۔ فلم کے پوسٹر کے مطابق، اس فلم میں جسی گل اور کنزی ہاشمی کے علاوہ کرم جیت انمول، ہوبی دھلیوال، نشا بانو، ستونت کور، سیمر ماہی اور پاکستانی اداکار ہنی البیلا اہم کرداروں میں نظر آئیں گے۔ فلم کے پروڈیوسر رجوندر سنگھ، طیب مدنی اور امن پریت سنگھ ہیں جبکہ اس کی کہانی امان سدھو نے لکھی ہے۔ فلم کے پوسٹر کے مطابق، یہ فلم رواں سال 15 نومبر کو سنیما گھروں میں ریلیز کی جائے گی۔

نانی کو وقت نہ دینے پر پچھتاوا ہے، فہد شیخ

ساتھی فنکاروں کو تلقین کرتا ہوں اپنے پیاروں سے رابطے میں رہیں، گفتگو



کراچی (این این آئی) اداکار فہد شیخ نے کہا ہے کہ اپنی والدہ کی مانند نانی کو وقت نہ دینے پر پچھتاوا ہے، ساتھی فنکاروں کو تلقین کرتا ہوں اپنے پیاروں سے رابطے میں رہیں، انہیں وقت دیں ۔میڈیا رپورٹ کے مطابق نجی ٹی وی شو میں گفتگو کرتے ہوئے اداکار فہد شیخ نے کہا کہ زندگی میں پچھتاوے ہی پچھتاوے ہیں لیکن جو سب سے بڑا پچھتاوا ہے وہ یہ کہ میں اپنی والدہ کی مانند نانی کو وقت نہیں دے سکا۔ انہوں نے بتایا کہ نانی کا انتقال چند ماہ قبل ہی ہوا ہے لیکن افسوس ہے کہ کام کی وجہ سے انہیں وقت نہیں دے سکا۔

جیا بچن کے اثاثوں کی ہوش اڑانے والی تفصیلات سامنے آگئیں

جیا بچن اور ان کے شوہر کے مشترکہ اثاثوں کی تعداد 1578 کروڑ روپے سے زائد ہے



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے لیجنڈری اداکار امیتابھ بچن اور ان کی اہلیہ جیا بچن کے بینک اثاثوں کی تفصیلات سامنے آئی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دونوں فنکاروں کے اثاثوں کی تفصیل اس وقت سامنے آئی جب جیا بچن نے الیکشن کیلئے کاغذات نامزدگی جمع کروائے۔ کاغذات نامزدگی کے مطابق جیا بچن اور ان کے شوہر کے مشترکہ اثاثوں کی تعداد 1578 کروڑ روپے سے زائد ہے۔ جیا بچن کے حلف نامے کے مطابق ان کے پاس 40.97 کروڑ روپے کے زیورات اور 9.82 لاکھ روپے مالیت کی گاڑی موجود ہے۔ یاد رہے کہ امیتابھ بچن کی اہلیہ نے سماج وادی پارٹی کی جانب سے راجیا سبھا کا الیکشن لڑنے کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کروائے ہیں۔

SPORTS سپورٹس

بولر نسیم شاہ کا اپنی گلوکاری پر دلچسپ تبصرہ، سب کو قہقہہ لگانے پر مجبور کردیا

ہیڈفونز پہنے اور لیجنڈ گلوکار راحت فتح علی خان کی قوالی کالی کالی زلفیں سنتے گئے، گاتے گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ میں اسلام آباد یونائیٹڈ کی نمائندگی کرنے والے فاسٹ بولر نسیم شاہ نے اپنی گلوکاری پر دلچسپ تبصرہ کرکے سب کو قہقہہ لگانے پر مجبور کردیا۔ فاسٹ بولر نسیم شاہ کی سالگرہ کے موقع پر اسلام آباد یونائیٹڈ کی جانب سے ایک مختصر ویڈیو کلپ سوشل میڈیا پر شیئر کیا گیا ہے جس میں کھلاڑی کو سر سے سر ملاتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ مذکورہ ویڈیو کلپ اسلام آباد یونائیٹڈ کے پوڈکاسٹ کا ہے جس میں پی ایس ایل کے باقاعدہ انعقاد سے ٹیم کے کھلاڑیوں کے ساتھ شائقین کرکٹ کے لیے دلچسپ سوال و جواب کا سیشن رکھا گیا، اسی دوران نسیم شاہ سے گانا سنانے کی فرمائش کی گئی۔

پیٹرول نہیں پیتا 100 ! چھکوں کی بات پر آصف علی نے یوٹرن لے لیا

آصف علی پی ایس ایل 9 میں پشاور زلمی کی جانب سے پہلا سیزن کھیلیں گے

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹر آصف علی نے روزانہ 100 سے 150 چھکوں کی پریکٹس کے بیان پر یوٹرن لے کر اسے غلطی قرار دیدیا۔ آصف علی نے اپنے اس بیان کی وضاحت کرتے ہوئے حال ہی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں پیٹرول تو نہیں پیتا کہ روزانہ 300 چھکے ماروں؟ نیشنل کرکٹ اکیڈمی (این سی اے) میں کیمپ کے دوران چھکے لگانے کی پریکٹس کرتا رہا مگر اس بیان پر میری بھی غلطی تھی اور لگانے والے کی بھی۔ پی ایس ایل سے متعلق بات کرتے ہوئے آصف علی نے کہا کہ بابر اسی انداز سے کپتانی کر رہے ہیں جیسے وہ پاکستان ٹیم کی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بابر اعظم فیلڈ میں تمام کھلاڑیوں کی رہنمائی کرنے کی کوشش کرتے ہیں، بابر اعظم کا بڑا پن ہے کہ انہوں نے مجھ پر اعتماد کر کے مجھے اپنی ٹیم کا حصہ بنایا۔ یاد رہے کہ اگست 2022 میں آصف علی نے کہا تھا کہ روزانہ پریکٹس کے دوران 100 سے 150 چھکے لگانے کی کوشش کرتا ہوں تاکہ میچ کے دوران چھکے مار سکوں۔ واضح رہے کہ آصف علی 17 فروری سے شروع ہونے والے پی ایس ایل 9 میں پشاور زلمی کی جانب سے پہلا سیزن کھیلیں گے۔

لاہور: لاہور پولو کلب کے زیر اہتمام [illegible] قائداعظم گولڈ کپ میں ڈی ایس پولو اور بی این پولو کی ٹیموں کے درمیان میچ کا منظر۔ (فوٹو: این این آئی)

کپتان کو ہٹانے یا بنانے کا فیصلہ فرنچائز مالکان کا ہوتا ہے، سعود شکیل

موقع ملنے سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کروں گا، سرفراز احمد سینئر ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی ٹیم کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے نائب کپتان سعود شکیل نے کہا ہے کہ کپتان کو ہٹانے یا بنانے کا فیصلہ فرنچائز مالکان کا ہوتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سعود شکیل نے کہا کہ پی ایس ایل کے لیے تیار ہیں، گزشتہ کئی روز سے تیاری کر رہے ہیں، اس سیزن میں اچھا پرفارم کرنے کے لیے منتظر ہیں۔ سعود شکیل نے کہا کہ موقع ملنے سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کروں گا، سرفراز احمد سینئر ہیں اور ہمارے بڑے بھائیوں کی طرح ہیں، سرفراز احمد کا ٹیم میں کردار پہلے جیسا ہی رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ کپتان رائیلی روسو دنیا بھر کی لیگز کھیلتے ہیں، انہیں اندازہ ہے کہ ٹیم کو کیسے ساتھ لے کر چلنا ہے، کپتان کو اندازہ ہے کہ اچھا کمبی نیشن کیسے بنایا جائے۔ سعود شکیل نے کہا کہ محمد عامر ورلڈ کلاس بولر ہے، ان کے آنے سے فائدہ ہوگا، محمد عامر دنیا بھر کی لیگز میں اچھا پرفارم کر رہے ہیں، نائب کپتانی کا کوئی دباؤ نہیں ہے، جب بھی کپتانی کا موقع ملا تو انجوائے کیا۔ سعود شکیل نے کہا کہ دورہ آسٹریلیا سے اعتماد میں کوئی کمی نہیں آئی، کیریئر میں اتار چڑھا آتا رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امید کرتا ہوں کہ پی ایس ایل کے میچز میں اچھا پرفارم کروں گا، ہماری دو سیزن کی کارکردگی ڈسکس ہوتی ہے۔

آئی سی سی کی نئی رینکنگ، بابر اعظم نمایاں پوزیشن

تازہ ترین ون ڈے رینکنگ میں بابر اعظم بیٹرز کی فہرست میں بدستور پہلی پوزیشن پر ہیں



اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے نئی رینکنگز جاری کردیں جس کے مطابق ایک روزہ رینکنگ میں پاکستان کے بابر اعظم پہلے، ٹیسٹ میں پانچویں اور ٹی 20 طرز کی کرکٹ میں چوتھے نمبر پر ہیں۔ آئی سی سی کی تازہ ترین ون ڈے رینکنگ میں پاکستان کے بابر اعظم بیٹرز کی فہرست میں بدستور پہلی پوزیشن پر ہیں۔ فخر زمان ایک درجے ترقی کے بعد بارہویں نمبر پر آگئے، آل راؤنڈرز میں افغانستان کے محمد نبی نے بنگلادیشی آل راؤنڈر شکیب الحسن سے پہلی پوزیشن چھین لی۔ شکیب الحسن نے 1739 دن نمبر ون پوزیشن پر رہنے کا اعزاز حاصل کیا جبکہ بولرز میں جنوبی افریقا کے کیشو مہاراج کی پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ پاکستان کے شاہین آفریدی ایک درجے تنزلی کے بعد آٹھویں نمبر پر چلے گئے۔ ٹیسٹ کی بیٹرز رینکنگ میں نیوزی لینڈ کے کین ولیمسن کا پہلا نمبر ہے، پاکستان کے بابر اعظم کی پانچویں پوزیشن پر ہیں۔ بولرز میں بھارتی فاسٹ بولرز جسپریت بمرا پہلی پوزیشن پر ہیں۔

جن کی شادی ہوگئی ہے، ان کی شکلیں دیکھیں ناں، بابر اعظم

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) ٹرافی کی رونمائی کی تقریب میں ملتان سلطانز کے کپتان محمد رضوان نے پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم سے شادی سے متعلق سوال کیا تو انہوں نے ساتھی ہم منصبوں کو لاجواب کردیا۔ لاہور کے پولو گراؤنڈ میں منعقد ہونے والی پی ایس ایل ٹرافی کی رونمائی کی تقریب میں میزبان زینب عباس نے تمام ٹیمز کے کپتان سے سوال جواب کیے۔ اسی دوران ملتان سلطانز کے کپتان محمد رضوان نے ایک بار پھر ساتھی کھلاڑی اور پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم سے شادی سے متعلق سوال کیا کہ آپ شادی کب کر رہے ہیں؟ محمد رضوان کے سوال پر بابر اعظم نے جواب دیا کہ اکیلے میں بتاؤں گا۔ موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میزبان زینب عباس نے بھی لگے ہاتھوں بابر اعظم پر زور دیتے ہوئے حال ہی میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے والے شاہین شاہ آفریدی، شاداب خان اور شان مسعود کی جانب اشارہ کیا اور کہا کہ ان دنوں شادیوں کا کافی چرچہ ہے، ماشاءاللہ سب کی ہوگئی ہے آپ کی بھی ہوگی، ان کی بھی ہوگی۔ ابھی زینب عباس ٹیمز کے کپتان کی جانب اشارہ کر ہی رہی تھیں کہ بابر اعظم نے حاضر دماغی کا مظاہرہ کیا اور کہا کہ جن کی شادی ہوگئی ہے، ان کی شکلیں دیکھیں ناں۔ بس پھر کیا تھا، بابر اعظم کا یہ کہنا تھا کہ سب ہنسنے پر مجبور ہوگئے اس کے بعد شاداب خان نے فوراً تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ میں تو خوش ہوں۔

اولمپک کوالیفائرز، قومی باکسرز کو تاحال ویزے جاری نہ ہوسکے

کوالیفائنگ راؤنڈ 29 فروری سے اٹلی میں کھیلا جانا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اولمپک کوالیفائرز مقابلوں میں شرکت کیلئے قومی باکسرز کو تاحال ویزے جاری نہ ہوسکے۔ پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے سیکرٹری ناصر تنگ کے مطابق پیرس 2024 اولمپک کوالیفائرز کیلئے باکسنگ مقابلے 29 فروری سے 12 مارچ تک اٹلی میں ہونے ہیں جس میں شرکت کیلئے قومی باکسرز نے ویزوں کے حصول کیلئے درخواستیں اٹلی کے سفارتخانہ میں جمع کروا رکھی ہے تاہم اب تک کھلاڑیوں کو ویزے جاری نہیں کئے گئے جس پر فیڈریشن نے آرگنائزرز کو تمام صورتحال سے آگاہ کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اولمپک کوالیفائرز میں زوہیب رشید، محمد ابراہیم، فاطمہ زہرہ، اظہر علی شامل ہیں۔

لاہور: سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے پنجاب سٹیڈیم میں [illegible] پنجاب گیمز 2024 میں [illegible] مقابلے کا منظر۔ (فوٹو: این این آئی)

بقیہ 1

آفتاب نے تھانہ جاتلی تعیناتی کے دوران علاقے میں منشیات فروشوں کے نیٹ ورک کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے نہ صرف منشیات فروش نیٹ ورک کی کمر توڑی بلکہ تمام گرفتار ملزمان کے خلاف مؤثر تفتیش کی اور انہیں ٹھوس شواہد کے ساتھ عدالتوں سے سخت سزا بھی دلوائی مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ تھانہ جاتلی کے موجودہ ذمہ داران منشیات فروش نیٹ ورک کو توڑنے اور ملزمان کو ٹھوس شواہد سزائیں دلوانے کا تسلسل برقرار رکھیں تا کہ علاقے کو منشیات سے پاک رکھا جاسکے۔

بقیہ 2

جاتا ہے، غذائیت کی کمی اور عدم احتیاط سے وائرس نمونیا کی شکل اختیار کرلیتا ہے۔ ماہرین نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ بزرگ افراد، دمہ اور ذیابیطس کے مریض بہت زیادہ احتیاط کریں اور ہاتھ ملانے سے گریز کریں اور باہر کے کھانوں سے اجتناب کیا جائے۔

بقیہ 3

آزاد ارکان اسمبلی کے پاس سیاسی جماعت میں شمولیت کیلئے پیر کے روز تک کی مہلت دی گئی تھی تحصیل گوجرخان کا حلقہ این اے 52 قومی اسمبلی کی ایک جبکہ صوبائی اسمبلی کی دونشستوں پر مشتمل ہے جہاں سے 8 فروری کو ہونے والے حالیہ انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار راجہ پرویز اشرف این اے 52 سے ایم این اے منتخب ہوئے ہیں جبکہ پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار چوہدری جاوید کوثر پی پی 8 ایم پی اور مسلم لیگ ن کے راجہ شوکت عزیز بھٹی پی پی 9 سے ایم پی اے منتخب ہوئے اس حوالہ سے تحصیل گوجرخان میں ملک کی تینوں بڑی جماعتوں کی نمائندگی موجود ہے

بقیہ 4

شناخت نہیں کرسکے، پراسیکوشن نے درخواست گزار کے خلاف کوئی ثبوت اکٹھے نہیں کیے، پراسیکوشن کے گواہوں کے مطابق درخواست گزار جناح ہاس کے اندر داخل نہیں ہوئی، درخواست گزار جناح ہاؤس کے باہر افشاں چوک پر کھڑی رہی۔ فیصلے میں لکھا گیا ہے کہ سرکاری وکیل کے مطابق فرانزک رپورٹس، پی ایف ایس اے سمیت دیگر رپورٹس میں کوئی مواد موجود نہیں

بقیہ 5

چاہیے، قانون کے مطابق عدالت اس حوالے سے ابتدا کرتی ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ عدالت کی طرف سے ایسی کوئی ابتدا نہیں کی گئی، جیل ٹرائل کی جگہ کا تعین تو حکومت کرسکتی ہے مگر اس معاملے کی ابتدا عدالت سے ہوگی، نومئی جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات کا جیل ٹرائل کرنے کا نوٹیفکیشن قانون کے منافی ہے، جیل ٹرائل صاف شفاف نہیں ہوسکتا۔ درخواست گزار کے وکیل نے مزید کہا کہ ہائیکورٹ کے رولز کی روشنی میں جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا، عدالت جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دے کر صاف شفاف ٹرائل کرنے کا حکم دے۔ بعدازاں عدالت نے دلائل سننے کے بعد 9 مئی کو جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات کے جیل ٹرائل کیخلاف درخواست ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے خارج کردی۔

بقیہ 6

پارٹی کا کوئی عہدیدار موجود نہیں اور الیکشن کمیشن میں پی ٹی آئی نامی پارٹی کا کوئی وجود نہیں ہے لہٰذا عدالت الیکشن کمیشن کو پی ٹی آئی کو سیاسی جماعتوں کی فہرست سے نکالنے اور پی ٹی آئی کے منتخب سینیٹرز کو آزاد سینیٹرز قرار دینے کا حکم دے۔ تاہم عدالت نے دائر درخواست ناقابل سماعت قرار دے کر خارج کردی۔

بقیہ 7

ہوئے پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ میں پارٹی کی پابند ہوں پارٹی مجھے جو ہدایت کرے گی میں وہی کروں گی۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن سے ہمیں کوئی امید نہیں ہے، ہم اور عوام انصاف کے لیے عدالتوں کی طرف دیکھ رہے ہیں، پاکستان کے عوام خطرے اور ڈر کے باوجود گھر سے نکلے اور ووٹ ڈالا، عوام کی امانت میں خیانت ہوئی۔ سابق صوبائی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ عوام سڑکوں پر ہے ملک جل رہا ہے، عدالتیں انصاف کرنے میں دیر نہ کریں، ملک میں مایوسی بڑھ رہی ہے، پاکستان کی مائیں بہنیں بیٹیاں نو ماہ سے قید ہیں، ججز سے درخواست ہے اللہ نے آپکو بڑا عہدہ دیا ہے، آپ سب اللہ کی عدالت میں جوابدہ ہیں۔

بقیہ 8

اور اپریل میں فوری طور پر نئے آئی ایم ایف پروگرام کا عدم حصول مہنگائی میں مزید اضافے کا باعث بنے گا، گیس کی قیمتوں میں اضافے سے یوریا کی پڑوسی ممالک کو اسمگلنگ پر قابو پانے میں بھی مدد ملے گی، اس سے یوریا کی 50 کلوگرام کی بوری کی قیمت میں 1,120 روپے کا اضافہ ہوگا۔ فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لمیٹڈ کو یوریا اور ڈی اے پی کی فی بوری کی قیمتوں میں بالترتیب 1,367 اور 530 روپے کا اضافہ کرنا پڑے گا، سیمنٹ کی بوری کی قیمت میں 10 روپے کا اضافہ ہوگا۔ عارف حبیب لمیٹڈ کے ریسرچ ہیڈ طاہر عباس نے ایکسپریس ٹریبون سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گیس کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی میں 43 بیسس پوائنٹس کا اضافہ ہوگا، جس سے کنزیومر پرائس انڈیکس سالانہ بنیادوں پر 24.91 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ آپٹیمس کیپٹل منیجمنٹ تجزیہ کار معاذ اعظم کا کہنا ہے کہ گیس کی قیمتوں میں مہنگائی میں نسبتاً کم 35 بیسس پوائنٹس کا اضافہ ہوگا اور مہنگائی کی شرح رواں مالی سال کے دوران 24 فیصد رہنے کا امکان ہے، تاہم، گیس کی قیمتوں میں اضافے سے گیس کی تلاش کرنے والی اور آئل مارکیٹنگ کمپنیوں OGDC, PPL, PSO، SNGPL اور SSGC کو فائدہ ہوگا۔

بقیہ 9

شوٹ کروانے آئے، سوچا نہیں تھا کہ مظفر گڑھ میں ایسی خوبصورت عمارت اور پرسکون ماحول ہوسکتا ہے، تھانے آ کر بہت خوشی ہوئی، بہترین ماحول اور اچھے رویے نے متاثر کیا۔ اس موقع پر دولہا فخر عباس نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فوٹو شوٹ کی اجازت پر ایس ایچ او کے مشکور ہیں، جب میں نے فیملی میں کہا کہ ولیمے کے بعد ہم تھانے جائیں گے تو وہ پریشان ہوگئے، پھر میں نے کہا کہ فوٹو شوٹ کیلئے جانا ہے تو پریشانی ختم ہوئی۔ پنجاب پولیس مکمل تبدیل ہو چکی، تھانے خوبصورتی کا شاہکار بن گئے ہیں۔

بقیہ 10

فوڈ اتھارٹی نے کہا ہے کہ صحت دشمن عناصر کو عوام کی صحت سے کھلواڑ کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، عوام کو مردار گوشت کھلانے والے عناصر کی سرکوبی کیلئے سخت ایکشن لیا جائے گا۔

بقیہ 11

سپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے انتخاب کے بعد قائد ایوان کا انتخاب کے شیڈول جاری ہوگا، قائد ایوان کے انتخاب میں بھی بجٹ پیش نہیں ہوسکتا۔ محکمہ خزانہ کے ایک افسر کے مطابق پنجاب کا بجٹ اسی صورت پنجاب اسمبلی سے منظور ہوسکتا ہے جب اجلاس 22 فروری سے قبل ہو۔ اگر پنجاب اسمبلی کا اجلاس تاخیر سے ہوا تو پھر نگران کابینہ سے بجٹ منظور کرایا جائے گا۔

بقیہ 12

کی کھچڑی 16 ماہ آزمائی گئی جس سے ملک کو فائدے کے بجائے نقصان ہوا۔ انہوں نے کہا کہ مارشل لا یا ایمرجنسی نافذ کرنا مسائل کا حل نہیں بلکہ حقیقی مینڈیٹ کا احترام کیا جائے، جہاں عوام اور اسٹیبلشمنٹ کے درمیان فاصلے بڑھتے ہیں تو نقصان ملک کا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن شفاف انتخابات کے انعقاد میں سوفیصد ناکام ہوا اور جعلی الیکشن کے نتیجے میں جو حکومت بنے گی وہ نہیں چلے گی۔

بقیہ 13

کرکے بالاج ٹیپو کو قتل کیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق بالاج ٹیپو کو خواجہ تعریف گلشن عرف طیفی بٹ اور خواجہ عقیل عرف گوگی بٹ کی ایماء پر 4 نامعلوم افراد نے قتل کیا، واقعے میں ملوث افراد فائرنگ کرکے موقع سے فرار ہوگئے۔

بقیہ 14

سابقہ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری راجہ محمد جاوید اخلاص مسلم لیگ ن کے نومنتخب ایم پی اے پی پی 9 راجہ شوکت عزیز بھٹی سابق چیئرمین بلدیہ گوجرخان حاجی محمد شاہد صراف مسلم لیگ ن سٹی گوجرخان کے صدر سید ندیم عباس بخاری نے مسلم لیگ ن کے نومنتخب ایم پی اے حلقہ پی پی 9 راجہ شوکت عزیز بھٹی کے اعزاز میں جناح ہوٹل گوجرخان میں جمعیت القریش گوجرخان کے زیراہتمام دیے گئے عشائیہ کے موقع پر سابقہ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری راجہ محمد جاوید اخلاص نومنتخب ایم پی اے حلقہ پی پی 9 راجہ شوکت عزیز بھٹی سابق چیئرمین بلدیہ گوجرخان حاجی محمد شاہد صراف نے بات چیت کرتے ہوئے کیا عشائیہ کی تقریب میں شرکت کرنے کے لیے راجہ شوکت عزیز بھٹی راجہ جاوید اخلاص حاجی شاہد صراف جناح ہوٹل پہنچے تو جمعیت القریش کے رہنماؤں قدیر قریشی کپتان شاہد جاوید چوہدری دلدار پرویز نے عربی بینڈ باجوں کے ساتھ ان کا استقبال کیا ان پر زبردست گل پاشی کی گئی اور انہیں پھولوں کی مالا پہنائی گئی اور انار جلائے گئے اور ان پر نوٹ نچھاور کیے گئے عشائیہ کی تقریب میں مرکزی انجمن تاجران کے سرپرست اعلیٰ حاجی خواجہ محمد اعجاز۔ مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما سابقہ کونسلر ثاقب علی بیگ ایڈووکیٹ۔ راجہ احمد عزیز بھٹی ایڈووکیٹ چیئرمین اشتیاق مسلم لیگ ن پروفیشنل ونگ کے صدر احمد شاہ خان مسلم لیگ ن کے سیکرٹری اطلاعات ونشریات گلاب خان مرکزی انجمن تاجران گوجرخان کے سینئر نائب صدر ملک محبوب حسین حاجی شاہد قریشی حاجی خالد محمود بٹ راولپنڈی کے ممتاز مسلم لیگی رہنما حاجی اقبال قریشی شیخ غلام رسول نور احمد خان چوہدری طاہر جمعیت القریش تحصیل گوجرخان کے صدر کپتان شاہد جاوید۔ جنرل سیکرٹری سائیں محمد قدیر قریشی۔ بیف کے صدر چوہدری دلدار پرویز پپو۔ پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے سابق صدر احمد نواز کھوکھر۔ جنرل سیکرٹری راجہ اسد محمود راجہ شفقت علی کیانی خواجہ ظہیر۔ مرزا ندیم و دیگر سیاسی سماجی کاروباری شخصیات نے بڑی تعداد میں تقریب میں شرکت کی۔

بقیہ 15

طلباء و طالبات نے تلاوت، نعت اور تقاریر پیش کیں، تقریب کے مہمان خصوصی معروف شاعر و ادیب سید وصی شاہ، صوبائی ڈائریکٹر پنجاب شمالی محمد اسلم خان، منیجر آر ایم ڈی عمران خلیل اور سینئر ڈسٹرکٹ منیجر راولپنڈی و چکوال صداقت حسین گوندل کے علاوہ صدر غزالی فورم راولپنڈی و مرکزی انجمن تاجران راجا محمد جواد نے خصوصی شرکت کی، اس موقع پر گوجرخان و گردونواح سے آئے اہل خیر افراد نے بھرپور انداز میں غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی تعلیمی خدمات کو سراہا اور بھرپور تعاون کا وعدہ کیا، تقریب میں سرپرست اعلیٰ مرکزی انجمن تحفظ تاجران مرزا محمد منیر، صدر مرکزی پریس کلب راجہ محمد صدیق کیانی، امیر جماعت اسلامی پی پی 8 زاہد حسین قریشی، امیر جماعت اسلامی پی پی 9 و سابقہ امیدوار برائے قومی اسمبلی چوہدری عابد حسین ایڈووکیٹ، سابق امیدوار برائے صوبائی اسمبلی حبیب نواز قریشی، معروف ادیب و شاعر محمد اعظم مہراز، فیصل شہزاد، امیر جماعت اسلامی پی پی 7 جاوید اقبال سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے خواتین و حضرات نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر سینئر ڈسٹرکٹ منیجر سکولز راولپنڈی صداقت حسین گوندل نے ضلع راولپنڈی میں غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی تعلیمی خدمات کا احاطہ کیا جبکہ صوبائی ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن پنجاب شمالی محمد اسلم خان نے اپنے کلیدی خطاب میں غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے مختلف تعلیمی منصوبہ جات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ تقریب میں شامل خواتین و حضرات نے دل کھول کر فنڈ ریزنگ میں اپنا حصہ ڈالا، غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن اس وقت 47000 سے زائد یتیم و مستحق بچوں کی تعلیمی کفالت کر رہا ہے، تقریب کی نظامت کے فرائض غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن پی ایس ایس پی سکولز ضلع راولپنڈی مصور حسین قریشی نے سرانجام دیئے۔ تقریب کے اختتام پر مہمان خصوصی سید وصی شاہ نے اپنا کلام پیش کیا جبکہ آخر میں صدر غزالی فورم و صدر مرکزی انجمن تاجران راجا محمد جواد نے تمام احباب کا شکریہ ادا کیا اور اختتامی دعا کروائی۔

بقیہ 16

والی پی ٹی آئی کے مینڈیٹ کا احترام کریں۔ انہوں نے تجویز دی کہ نواز شریف صدر مملکت، مسلح افواج کے سپریم کمانڈر کا عہدہ لیں، مخلوط حکومت کی کھچڑی پکانے سے کام نہیں چلے گا، تباہی ہوگی، سیاسی پیوندکاری ہوئی تو 1977ء کے الیکشن کے بعد جیسی ٹریجڈی ہی سامنے آئے گی۔

بقیہ 17

کو بقایاجات ادا۔ کیے جائیں گے معاہدے کے مطابق مل کے سامنے سے کاشتکار تمام رکاوٹیں دور کریں گے اور سپلائی کو روکا نہیں جائے گا معاہدہ محمد ایوب ولد محمد عرس کو 16 فروری کو رابی خان اسٹامپ وینڈر حیدرآباد سے جاری ہونے والے 200 روپے والے اسٹامپ پیپر پر ہوا۔ معاہدے پر مل انتظامیہ سے عتیق الرحمٰن، اعجاز علی اور محمد اختر جبکہ بقایاجات والوں میں سے حاجی ممتاز علی مری، دھنی ڈنو پنھور، حاجی محمد ایوب اور امیر حسن نے دستخط کیے ہیں واضح رہے کہ مل کے۔ مرکزی گیٹ پر دھرنے کی وجہ سے مل کو شدید مالی مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے سپلائی رک جانے سے زرائع نے دعویٰ کیا کہ مشین کے اندر موجود کروڑوں کی چینی خراب ہونے کے ساتھ مشینیں بھی خراب ہونے کا اندیشہ تھا جس پر مل انتظامیہ دھرنا ختم کرنے کے لیے مذاکرات کی تکمیل پر آئی۔

بقیہ 18

مقصود سکھن اور زبیر کورنگی انڈسٹریل ایریا کے علاقوں سے لاپتا ہیں۔ عدالت نے پولیس رپورٹس کو ریکارڈ کا حصہ بنالیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ لاپتا افراد کا تاحال کوئی سراغ نہیں لگایا جاسکا۔ عدالت نے لاپتا افراد کی بازیابی کے لئے اقدامات جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے درخواستوں کی مزید سماعت چار ہفتوں کے لئے ملتوی کردی۔

بقیہ 19

ہونے میں کامیاب ہوگیا جس کی گرفتاری کے لئے پولیس چھاپے مار رہی ہے، این این آئی کے مطابق مقتولہ کی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا تھانہ صدر دیپالپور پولیس مقدمہ درج کرنے کے بعد مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 20

بدفعلی کا نشانہ بنانے کے بعد ملزم نے سفاکیت اور بربریت کا مظاہرہ کرتے ہوئے معصوم بچے وسیم کو صافے سے گلا گھونٹ کر قتل کردیا اور موقع سے فرار ہوگیا، این این آئی کے مطابق وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او منصور امان موقع پر پہنچ گئے اور سخت ایکشن لیتے ہوئے پولیس کی اسپیشل ٹیمیں تشکیل دیں جنہوں نے بروقت کارروائی کرکے ملزم نبی بخش کو گرفتار کرلیا، پولیس تھانہ حجرہ شاہ مقیم نے گرفتار ملزم کے خلاف سنگین دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا ہے، واضح رہے کہ دو روز قبل حویلی کے محلہ رسول پورہ میں بھی دینی تعلیم حاصل کرنے مسجد آنے والی معصوم سات سالہ بچی سعدیہ کو پیش امام نے اپنی وحشت کی بھینٹ چڑھاتے ہوئے انسانیت سوز ظلم اور درندگی کا نشانہ بناڈالا تھا۔

بقیہ 21

یہ کیس ہم سنیں گے۔ پیر کو سماعت کے آغاز پر چیف جسٹس نے درخواست گزار بریگیڈیئر ریٹائرڈ محمد علی سے متعلق پوچھا تو جسٹس محمد علی مظہر نے بتایا درخواست گزار نے 13 فروری کو پٹیشن واپس لینے کی استدعا کر رکھی ہے، جس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیے پہلے درخواست دائر کرتے ہیں اور پھر اب غائب ہوجاتے ہیں، کیا یہ مذاق چل رہا ہے؟ عدالتی عملے نے بتایا کہ درخواست گزار سے بذریعہ فون اور ایڈریس پر رابطہ کرنے کی کوشش کی تاہم ممکن نہ ہوسکا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے ریمارکس دیئے کہ یہ کیا محض تشہیر کیلئے درخواست دائر کی گئی تھی؟ درخواست گزار نے درخواست دائر کرتے ہی خود میڈیا پر جاری کر دی، کیا پتا درخواست گزار نے خود درخواست فائل کی بھی یا نہیں، کیا پتا بعد میں آکر درخواست گزار کہہ دے کہ میں نے واپس نہیں لی، اس طرح سے سپریم کورٹ کا مذاق نہیں بنایا جاسکتا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ درخواست گزار کو کسی بھی طرح پیش کریں، یہ کیس چلائیں گے۔

بقیہ 22

کی تعداد 6324 جبکہ پنجاب میں مجموعی طور پر 29299 سے زائد کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ رواں سال سے ابتک لاہور میں 63 بچے جاں حق جبکہ پنجاب میں 393 بچے نمونیہ سے جاں بحق ہوئے۔

بقیہ 23

گاڑیاں جلانے کے مقدمات کی سماعت کی۔ پی ٹی آئی رہنماؤں ڈاکٹر یاسمین راشد، میاں محمود الرشید، اعجاز چوہدری اور عمر سرفراز چیمہ سمیت دیگر کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ عدالت نے دونوں مقدمات میں آئندہ سماعت پر ملزمان کو فرد جرم عائد کرنے کے لئے طلب کرتے ہوئے مزید سماعت 2 مارچ تک ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ انسداد دہشت گردی عدالت نے جلاؤ گھیراؤ اور اشتعال انگیز تقاریر کے مقدمات میں ملزمان کو چالان کی کاپیاں تقسیم کر رکھی ہیں۔

بقیہ 24

کو پولیس نے جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں گرفتار کیا تھا۔ عتیق ریاض کے خلاف تھانہ سرور روڈ پولیس نے مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

بقیہ 25

کی گئی۔ دوران نیب پراسیکیوٹر سہیل عارف اور درخواست گزار وکیل عدالت پیش ہوئے۔ درخواست ضمانت پر سماعت بغیر کارروائی 26 فروری تک ملتوی کردی گئی۔ فواد چوہدری جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل ہیں۔

بقیہ 26

صفدر نے کہا ہے کہ مسلسل بارش کے باوجود آر ڈبلیو ایم سی کے سینیٹری ورکرز شہر کی صفائی میں مصروف عمل رہے، ورکرز بارش کے دوران چوک ہونیوالے نالوں، نالیوں کو فوری طور پر کھولتے رہے جس کے باعث شہر میں نکاسی کا کوئی مسئلہ پیدا نہیں ہوا، چیف ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی ویسٹ منیجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر کی ہدایات کی روشنی میں بارشوں کے سلسلے کو مدنظر رکھتے ہوئے سینئر منیجر آپریشنز ڈاکٹر حامد اقبال راولپنڈی ویسٹ منیجمنٹ کمپنی نے ورکرز کو ڈیوٹیاں مختلف شفٹوں میں تفویض کردی ہیں، ورکرز بارش کے موسم میں نالیوں اور شہر کی صفائی کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں، ادھر مری میں سی ای او آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر کی ہدایت پر برفباری سیزن میں آپریشن سٹاف اور تمام ورکرز الرٹ ہیں اور دن رات کی شفٹوں میں صفائی کے ساتھ ساتھ سنوفال ہوتے ہی سڑکوں راستوں کو کلیئر کرنے کیلئے بھی پوزیشن پر موجود ہیں، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز مری میں گزشتہ روز ہونیوالی بارش اور سنوفال میں سڑکوں اور شہر کی صفائی کا کام کرتے رہے

بقیہ 27

نے نامعلوم وجوہات پر گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کی۔ نوجوان کی شناخت 24 سالہ سرفراز ولد شبیر نام سے ہوئی ہے۔ غازی آباد کے علاقہ مسلم آباد میں والدہ کی ڈانٹ ڈپٹ سے دلبرداشتہ 15 سالہ لڑکا پھندے سے جھول گیا، والدہ نے اپنے 15 سالہ بیٹے کو موبائل فون کے استعمال سے منع کیا اور امتحان کی تیاری کرنے پر سختی سے ڈانٹا۔ 15 سالہ عامر نے دلبرداشتہ ہوکر گلے میں پھندا ڈال کر زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ پولیس اور فرانزک ٹیم نے شواہد اکٹھے کرکے مختلف پہلوؤں پر تحقیقات کا آغاز کردیا۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی کارروائی کے بعد لاشوں کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کردیا گیا۔ دوسری جانب نبی سٹی، ٹیکسالی چوک سے 65 سالہ شخص کی لاش برآمد ہوئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ متوفی نشے کا عادی تھا جو کہ نشہ کی زیادتی کے باعث جاں بحق ہوا اور اسکی شناخت نہ ہوسکی۔ جبکہ مناواں کے علاقہ میں زیرتعمیر عمارت سے گر کر 32 سالہ مزدور جاں بحق ہوگیا۔ متوفی کی شناخت 32 سالہ اجمل ولد اللہ رکھا کے نام سے ہوئی جو کہ احمد پور شرقیہ کا رہائشی تھا۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی کارروائی کے بعد لاشوں کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کردیا گیا

بقیہ 28

کیوجہ سے زمینوں کی قیمتیں آسمانوں سے باتیں کررہی ہیں جس کی وجہ سے پراپرٹی کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ہوچکا ہے۔ بااثر پراپرٹی ٹائیکون عوام کو چکنی چپڑی باتوں میں بہلا پھسلا کر عمر بھر کی کمائی سے محروم کردیتے ہیں جبکہ قانون نافذ کرنے والے ادارے خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہے ہیں۔ شہریوں عوامی سماجی حلقوں نے چیف سیکرٹری پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع بھر میں قائم ہونے والی غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کو سیل کر کے متاثرین کی رقوم واپس دلوائی جائے اور بااثر مالکان کے خلاف فوجداری مقدمات درج کروائے جائیں تاکہ سادہ لوح شہری نوسربازوں کے فراڈ سے محفوظ رہ سکیں۔

بقیہ 29

تک چھٹیوں پر جاچکے ہیں۔ واضح رہے کہ جج ناصر جاوید رانا نے حال ہی میں سارہ انعام قتل کیس کا فیصلہ سنایا تھا۔

بقیہ 30

کیا، عدلیہ پر حملہ کیا، معیشت پر حملہ کیا، افواج پاکستان پر حملہ کیا اور اب یہ پاکستان کے سول سٹرکچر پر حملہ آور ہورہے ہیں، یہ اسی سلسلے کی کڑی ہے کہ عوام کا الیکٹورل پراسس سے ایمان اٹھادو، نتائج کو تسلیم نہ کرتے ہوئے تشدد کا راستہ اختیار کرو، حکومت سے مطالبہ ہے ان کی سرکوبی کریں ان کو روکیں ان کا تدارک کریں، اگر کچھ ہوا تو ناکامی کی ذمہ داری نگران حکومت پر عائد ہوگی، یہ سیاسی لوگ نہیں یہ بلوائی ہیں بلوائی جتھہ بند ہورہے ہیں یہ حملہ آور ہوں گے کیونکہ یہی ان کا طریقہ واردات ہے، نگران وزیر اعظم، نگران وزیر اعلیٰ پنجاب جاگیں، میں متنبہ کررہا ہوں حکومت نے ان کا تدارک نہ کیا، ان کو نہ روکا تو یہ ریاست پاکستان کا بڑا نقصان کریں گے، پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا ورکر ارسلان نے سب گروپس میں میسج فارورڈ کرنے کا کہا، پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا ورکرنے واٹس ایپ گروپ میں سب کو مطلع کیا کہ لیاقت چٹھہ پریس کانفرنس کرنے جارہے ہیں، کیا آر اوز اور ڈی آر اوز، ان کی فیملیوں کی تصاویر لگانا دہشتگردی نہیں ہے؟، اس کے ذریعے آر اوز، ڈی آر اوز اور ان کی فیملیوں کو زندگی کا خطرہ لاحق ہوگیا ہے، آر اوز اور ڈی آر اوز کو دھمکا کر لیاقت چٹھہ بنانے کی کوشش کی جارہی ہے، لیاقت چٹھہ نے پریس کانفرنس سے قبل میاں اسلم اقبال سے ملاقات کی، ان کے رابطوں کی مکمل تحقیقات ہونی چاہئیں، سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ملک میں انارکی پیدا کی جارہی ہے جس کا پاکستان متحمل نہیں ہوسکتا۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنماؤں ملک محمد احمد خان، عطا اللہ تارڑ اور عظمیٰ بخاری نے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پی ٹی آئی کے سوشل ورکر ارسلان خالد کے مبینہ واٹس ایپ میسجز کے سکرین شارٹس بھی میڈیا کو دکھائے گئے۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ مجھے خوف ہے کہ ایک اور نومئی بنانے کی کوشش ہورہی ہے۔

بقیہ 31

کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کلیم عباسی کی زیر صدارت کنگ عبداللہ کیمپس چھتر کلاس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا جس میں رجسٹرار میر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر غلام مرتضیٰ، جامعہ کی چاروں فیکلٹی کے ڈین حضرات، کنٹرولر امتحانات، ڈائریکٹر فنانس، ڈائریکٹر منصوبہ بندی، ڈائریکٹر ورکس، پرووسٹ ہاسٹلز، سربراہ شعبہ زوالوجی و فیکلٹی سمیت دیگر انتظامی آفیسران سربراہان کمیٹی نے شرکت کی۔

بقیہ 32

آف جرنلسٹس (آر آئی یو جے) کی جانب سے سینئر صحافی و سیکریٹری آر آئی یو جے آصف بشیر چوہدری عدالت میں پیش ہوئے جبکہ آڈیو لیکس کیس میں عدالتی حکم کے باوجود سینئر سرکاری افسران کورٹ کے سامنے حاضر نہ ہوئے۔ عدالت نے چیئرمین پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے)، چیئرمین پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا)، ڈائریکٹر جنرل وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے)، ڈائریکٹر جنرل انٹیلی جنس بیورو (آئی بی) کے اسلام آباد ہائی کورٹ میں پیش نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کیا۔ دوران سماعت پی ٹی اے کی جانب سے ان کے وکیل عدالت میں پیش ہوئے، انہوں نے بتایا کہ وہ بیان حلفی 2 دن میں داخل کرادیں گے۔ جسٹس بابر ستار نے پی ٹی اے کے وکیل سے دریافت کیا کہ چیئرمین پی ٹی اے خود کہاں ہیں؟ کیا ہم وارنٹ جاری کریں، ہم نے حکم دیا تھا تو وہ خود کیوں نہیں آئے؟ جسٹس بابر ستار نے کہا کہ پیمرا سے کون ہے؟ اس پر پیمرا کی جانب سے ان کے وکیل عدالت میں پیش ہوئے۔ جسٹس بابر ستار نے دریافت کیا کہ ڈی جی ایف آئی اے کہاں ہیں؟ سرکاری وکیل نے عدالت کو جواب دیا کہ ڈی جی ایف آئی اے بیمار ہیں اس لیے وہ پیش نہیں ہوسکے جبکہ ان کی جگہ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل وقار الدین سید عدالت میں پیش ہوئے ہیں۔ سرکاری وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ ڈی جی آئی بی کی جگہ ڈپٹی ڈی جی پیش ہوئے ہیں، ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل آئی بی محمد علی نے بتایا کہ ڈی جی آئی بی کی طبیعت ناساز ہے۔ جسٹس بابر ستار نے ریمارکس دیے کہ کیوں نہ ان افسران کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے جائیں؟ ان افسران نے خود سے کیسے طے کرلیا کہ وہ عدالت میں پیش نہیں ہوسکتے ہیں؟ عدالت نے ایف آئی اے اور آئی بی کے ڈائریکٹر جنرلز کی میڈیکل رپورٹ اگلی سماعت پر طلب کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس بابر ستار نے ریمارکس دیے کہ ٹیلی کام آپریٹرز رپورٹ دیں کہ ریکارڈنگ کے حوالے سے کیا طریقہ کار ہے؟ میڈیا بتائے کہ غیر مصدقہ آڈیو لیکس چلانے کے لیے کون سا اندرونی میکنزم ہے؟ بعد ازاں عدالت نے قانونی معاونت کے لیے پاکستان بار کونسل کو دوبارہ نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت مارچ کے پہلے ہفتے تک ملتوی کردی۔

بقیہ 33

جیسے کہ فریج، موٹر، استری اور دیگر کو بالکل نہ چھوئیں۔ ننگے پاؤں کپڑے استری کرنے سے گریز کریں۔ جانوروں کو بجلی کے کھمبوں کے ساتھ یا ٹرانسفارمرز کے نیچے بالکل نہ باندھیں۔ بجلی کے سوئچ کو اسٹینڈ بائی پر نہ رکھیں بلکہ مکمل طور پر آف کریں۔ کہیں بھی بجلی کی ٹوٹی تار دیکھیں تو اس کے قریب نہ جائیں اور خاص طور پر چھوٹے بچوں کو بجلی سے متعلق احتیاطی تدابیر کے بارے میں ضرور آگاہ کریں۔ شارٹ سرکٹ کے باعث ہونے والے جانی و مالی نقصانات سے محفوظ رہنے کیلئے بجلی کی پرانی وائرنگ کو درست کروائیں۔ کسی بھی ہنگامی صورت حال میں متعلقہ کمپلینٹ آفس کے نمبرز، آئیسکو ہیلپ لائن نمبر 118 یا کمپلینٹ اینڈ مانیٹرنگ سیل کے نمبرز 051-9252933-34 پر کال کریں۔

بقیہ 34

نتائج کو مسترد کرتے ہوئے انتخابات کو دھاندلی زدہ قرار دے دیا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے ٹروتھ اینڈ ری کنسلیشن کمیشن قائم کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ شاہ اویس نورانی نے کہا کہ سیاسی جماعتیں بالخصوص عدلیہ جرائم کا اعتراف کریں، 8 فروری کے انتخابات دھاندلی کی بدترین مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ادارے بے توقیر ہوچکے ہیں اور افراد کا احترام ختم ہوچکا ہے، انتخابات میں جو ہوا اس کی وجہ سے پاکستان کی بین الاقوامی سطح پر رسوائی ہوئی ہے، 8 فروری کے انتخابات دھاندلی کی بدترین مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی پولرائزیشن اس حد تک پہنچ گئی ہے کہ گھروں میں دراڑیں پڑ رہی ہیں، تجربات کرکے ملک کو اس سطح تک پہنچادیا کہ کوئی ملک کا اقتدار لینے کو تیار نہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات میں ہمارے ساتھ بدترین ظلم ہوا ہے، ہمیں اپنے ووٹ گننے کے حق سے بھی محروم کیا گیا، اب جس کا بھی مینڈیٹ ہے اس کو حکومت دینا چاہیے، کسی کے مینڈیٹ پر ڈاکہ نہ ڈالا جائے، اگر اکثریت نہیں ہے تو شہباز شریف کو حکومت میں نہیں بیٹھنا چاہیے، اگر تحریک انصاف کا مینڈیٹ ہے تو اقتدار ان کو دینا چاہیے۔ اویس شاہ نورانی نے کہا کہ اگر اب گرینڈ ڈائیلاگ نہ ہوا تو پاکستان کسی کے ہاتھ نہیں آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایم ایم اے نہ ہونے کی وجہ سے مذہبی جماعتوں کا کردار متاثر ہوا ہے، ایم ڈبلیو ایم کے ساتھ بیٹھنا تحریک انصاف کا اندرونی معاملہ ہے۔ شاہ اویس نورانی نے کہا کہ میں نے اپنا استعفیٰ مرکز کو بھیج دیا ہے، چاروں صوبائی صدور اور جنرل سیکرٹریز بھی اپنا استعفیٰ دیں گے، ہم دوبارہ تنظیم سازی کریں گے اور جے یو پی کو از سر نو منظم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پر غیر ملکی دباؤ کی وجہ سے بھی مذہبی جماعتوں کو الیکشن میں دیوار سے لگایا گیا، ہم اس الیکشن کے نتائج کو تسلیم نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے ابھی رابطہ نہیں کیا، اگر رابطہ ہوا تو ہم سوچیں گے، جنہیں سیٹیں ملیں وہ دھاندلی کا کہہ رہے ہیں انہیں پھر پارلیمان میں نہیں جانا چاہیے، جنہیں سیٹیں نہیں ملیں انہیں پارلیمان سے باہر رہ کر آواز اٹھانی چاہیے پرامن احتجاج کرنا چاہیے۔

بقیہ 35

ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ پشاور میں بارش کے باعث 4 گھروں کو جزوی، 2 گھروں کو مکمل نقصان پہنچا۔ ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) پی ڈی ایم اے نے کہا کہ متاثرہ اضلاع میں امدادی کارروائیاں جاری ہیں، برف باری اور لینڈ سلائیڈنگ سے بند سڑکوں کو کھولنے کے لیے اقدامات تیز کردیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم اے تمام اضلاع کے ساتھ قریبی رابطے میں ہے۔ ادھر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور گردونواح میں ہلکی بارش کے موسم میں خوشگوار ہونے کے ساتھ سردی کی شدت میں بھی اضافہ ہوگیا، اس کے علاوہ پنجاب کے دارالحکومت لاہور میں بھی بوندا باندی ہوئی جس سے موسم خوشگوار ہوگیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں درجہ حرارت 14 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا کہ 17 سے 22 فروری تک مری گلیات اور گردونواح میں طوفانی بارش اور برفباری کے امکانات ہیں جب کہ ترجمان پی ڈی ایم اے نے مری انتظامیہ کو الرٹ رہنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق بارش اور برفباری کے امکانات 75 فیصد ہیں۔ 17 سے 22 فروری تک موسم کی صورتحال بے یقینی رہے گی۔

بقیہ 36

عدالت میں سانحہ نو مئی کے مختلف مقدمات میں پیشی کے موقع پر صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کے دوران صحافی نے ڈاکٹر یاسمین راشد سے سوال کیا کہ کیا آپ پنجاب میں اپوزیشن لیڈر بن رہی ہیں؟ صحافی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ میں پارٹی کی پابند ہوں پارٹی مجھے جو ہدایت کرے گی میں وہی کروں گی۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن سے ہمیں کوئی امید نہیں ہے، ہم اور عوام انصاف کے لیے عدالتوں کی طرف دیکھ رہے ہیں، پاکستان کے عوام خطرے اور ڈر کے باوجود گھر سے نکلے اور ووٹ ڈالا، عوام کی امانت میں خیانت ہوئی۔ سابق صوبائی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ عوام سڑکوں پر ہے ملک جل رہا ہے، عدالتیں انصاف کرنے میں دیر نہ کریں، ملک میں مایوسی بڑھ رہی ہے، پاکستان کی مائیں بہنیں بیٹیاں نو ماہ سے قید ہیں، ججز سے درخواست ہے اللہ نے آپکو بڑا عہدہ دیا ہے، آپ سب اللہ کی عدالت میں جوابدہ ہیں۔

بقیہ 37

متاثر ہوا۔ موسم خوشگوار ہونے کے بعد سیاحوں نے بڑی تعداد میں مری کا رخ کرلیا ہے، مری جانے والے سیاحوں کے لیے راولپنڈی ٹریفک پولیس نے ایڈوائزری جاری کردی ہے۔ سی ٹی او تیمور خان کے مطابق مری میں شدید دھند کے باعث گاڑی کی رفتار کم رکھیں، تیز بارش اور دھند میں فوگ لائٹ اور ڈبل اشاروں کا استعمال کریں، لینڈ سلائیڈنگ کے خطرہ کے پیش نظر غیرضروری سفر سے گریز کریں۔ انہوں نے کہا کہ دوران ڈرائیونگ جلد بازی اور ڈبل لائن بنانے سے اجتناب کریں۔ دوطرفہ ٹریفک چلنے کی وجہ سے اوورٹیکنگ سے گریز کریں۔ دوران سیاحت اپنی گاڑی کو مناسب اور محفوظ جگہ پر پارک کریں۔ ادھر کالام میں بھی شدید برف باری کے بعد رابطہ سڑکیں بلاک ہونے سے سیاح ہوٹلوں تک محصور ہوگئے ہیں۔ کالام میں بجلی کی سپلائی معطل ہونے سے مقامی افراد اور سیاحوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ 38

پر اعلیٰ تحقیقاتی کمیٹی بنی ہے، الیکشن کمیشن بھی سابق کمشنر کے معاملے پر کارروائی کررہا ہے۔ نگران وزیر نے بتایا کہ قانونی عمل چل رہا ہو تو انتظار کرنا چاہیے، آئین اور قانون کے تحت ہی الیکشن کمیشن کامیاب امیدواروں کی فہرست جاری کرے گا۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ نگران حکومت نے اپنی ذمہ داری پوری کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت پارلیمانی امور قومی اسمبلی اجلاس طلب کرنے کی سمری وزیراعظم کو بھجوائے گی، صدر سے قومی اسمبلی کا اجلاس طلب کرنے کی درخواست کی جائے گی۔

بقیہ 39

نشستوں کے لیے درخواست دائر کریں گے۔ پیر کو یہاں سنی اتحاد کونسل اور مجلس وحدت المسلمین کے رہنماؤں کے ساتھ مشترکہ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم قومی اسمبلی کی 180 نشستوں پر کامیاب ہوچکے ہیں، الیکشن میں ملک بھر سے پی ٹی آئی کے امیدوار کامیاب ہوئے ہیں، ہمارے تمام امیدواروں کے کاغذات نامزدگی میں پارٹی پی ٹی آئی لکھا تھا، ہمارے امیدواروں کو پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ کہا جاتا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ قومی اسمبلی، پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیوں میں ہمارے امیدوار سنی اتحاد میں شمولیت اختیار کریں گے، ہمارا اتحاد اس ملک کے لیے ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن میں خصوصی نشستوں کے لیے درخواست دائر کریں گے، الیکشن کمیشن میں امیدواروں کی پارٹی میں شمولیت کے دستاویز جمع کروادیں گے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عمر ایوب نے کہا کہ حکومت بنا کر سب سے پہلے عمران خان کی رہائی کے لیے اقدامات کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنی اتحاد کونسل میں شمولیت کی وجہ مخصوص نشستیں حاصل کرنا ہے، ہم سنی اتحاد کونسل میں شمولیت اختیار کررہے ہیں، قومی وصوبائی اسمبلیوں میں سنی اتحاد کونسل سے الحاق کریں گے، ہماری قومی اسمبلی میں 180 نشستیں ہیں۔ عمر ایوب نے کہا کہ ایم ڈبلیو ایم کی پی ٹی آئی کی حمایت پر شکریہ ادا کرنے کے لیے الفاظ نہیں مل رہے ہیں، میں ایم ڈبلیو ایم کا تہہ دل سے مشکور ہوں، ایم ڈبلیو ایم نے ہمیشہ پی ٹی آئی، بانی کی حمایت کی ہے رہنما پی ٹی آئی نے بتایا کہ الیکشن میں دھاندلی کرکے ہمارا مینڈیٹ چوری کیا گیا، متحدہ قومی موومنٹ پاکستان نے سندھ اور کراچی میں ہمارے مینڈیٹ پر ڈاکا ڈالا ہے، ہمارے امیدواروں کے فارم 47 تبدیل کیے گئے ہیں۔ عمر ایوب نے کہا کہ پاکستان میں فرقہ واریت نہیں بلکہ اتحاد چاہتے ہیں، ہم فرقہ واریت کے خلاف ہیں۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان، ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی، رہنماؤں اور کارکنوں کی رہائی ہمارا ایجنڈا ہے۔

بقیہ 40

کے مطابق افسران نے مؤقف اپنایا ہم پر کسی قسم کا دباؤ نہیں تھا۔ ذرائع نے کہا کہ اگلے مرحلے میں ریٹرننگ افسران کو طلب کرکے بیان ریکارڈ کیا جائیگا، راولپنڈی ڈویژن سے قومی اسمبلی کے 13 حلقوں کے ریٹرننگ افسران کے بیانات قلمبند کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق خصوصی کمیٹی صوبائی اسمبلی کے 26 حلقوں کے ریٹرننگ افسران کے بیانات بھی قلم بند کرے گی۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز الیکشن کمیشن کی خصوصی کمیٹی نے ٹی او آرز طے کیے تھے۔

بقیہ 41

کے بارے میں کتنے سنجیدہ ہیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستان جرمانے سے بچنے کے لیے پہلے مرحلے کے تحت گوادر سے ایرانی سرحد تک 81 کلومیٹر پائپ لائن بچھائے گا، خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) نے 781 کلومیٹر کی کل پائپ لائن کے حصے کے طور پر پہلے 81 کلومیٹر بچھانے کے منصوبے کی بھی منظوری دی جسے بعد کے مراحل میں نواب شاہ سے منسلک کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ایران نے پہلے ہی پاکستان کو 180 دن کی ڈیڈلائن میں ستمبر 2024ء تک توسیع کردی گئی ہے اور اس سلسلے پیٹرولیم ڈویژن جلد ہی وفاقی کابینہ سے 81 کلومیٹر پائپ لائن بچھانے کے لیے انتظامی منظوری طلب کرے گا اور وزارت خزانہ جی آئی ڈی سی (گیس انفرا اسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس) کے بورڈ سے مطلوبہ فنڈنگ کا بھی بندوبست کرے گی۔

بقیہ 42

سماعت ملتوی کردی۔ احتساب عدالت کے جج محمد بشیر کی عدم دستیابی کے باعث سماعت ملتوی کی گئی۔ دوران نیب پراسیکیوٹر سہیل عارف اور درخواست گزار وکیل عدالت پیش ہوئے۔ درخواست ضمانت پر سماعت بغیر کارروائی 26 فروری تک ملتوی کردی گئی۔ فواد چوہدری جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل ہیں۔

بقیہ 43

میٹرک ٹن آٹا اور 24 اعشاریہ آٹھ پانچ چھ میٹرک ٹن چینی برآمد کی گئی۔ یکم ستمبر سے اب تک کے اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر سے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف 400 کامیاب آپریشنز عمل میں لائے گئے جس کے تحت 19 ہزار 51 اعشاریہ تین سات دو میٹرک ٹن کھاد، 2 ہزار 408 اعشاریہ چھ دو نو میٹرک ٹن آٹا اور 7 ہزار 635 اعشاریہ آٹھ سات ایک میٹرک ٹن چینی برآمد کی گئی ہے۔ نگران حکومت، عسکری قیادت اور متعلقہ حکومتی ادارے ملک ذخیرہ اندوزی کے خاتمے کے لئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 44

700 پتنگیں اور 04 ڈوریں جبکہ سٹی پولیس نے ملزم نادر سے 20 پتنگیں، رتہ امرال پولیس نے ملزم عصمت سے 10 پتنگیں برآمد کرلیں۔ ترجمان کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے ملزم خضر سے 50 پتنگیں، ملزم عزیز سے 40 پتنگیں برآمد کی گئیں۔ روات پولیس نے ملزم اعظم سے 210 پتنگیں اور 03 ڈوریں برآمد کیں۔ ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر کے مطابق پتنگ بازی خونی کھیل ہے، پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 45

47 اور 48 کی انتخابی عذرداری سے متعلق درخواستوں پر ہائی کورٹ کے سنگل رکنی بینچ کے فیصلے کے خلاف اپیلوں پر سماعت ہوئی۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب اور جسٹس ارباب محمد طاہر نے کیس کی سماعت کی۔ شعیب شاہین، فیصل چوہدری، علی بخاری و دیگر عدالت میں پیش ہوئے، شعیب شاہین نے کہا کہ میں حلقہ این اے 47 کا امیدوار ہوں اور میرے پاس تمام فارم 45 موجود ہیں، تمام فارم 45 کے مطابق میرے ووٹ ایک لاکھ 4 ہزار 72 بنتے ہیں، میرے مدمقابل طارق فضل چوہدری کے 51 ہزار 173 ووٹس تھے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ آپ کے پاس اس وقت اصل فارم 45 موجود ہیں؟ شعیب شاہین نے کہا کہ اصل فارم 45 ہم نے چھپا کر رکھے ہیں کیونکہ ہمیں چھیننے کا خدشہ ہے، رزلٹ جب آیا تو فارم 47 کے لیے ہم آر او کے آفس گئے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ الیکشن ایکٹ کے کس سیکشن کے تحت فارم 45 اور 47 جاری کیے جاتے ہیں، شعیب شاہین نے بتایا کہ الیکشن ایکٹ کے سیکشن 90 شق 10 اور 13 کے تحت فارمز کا اجراء کیا جاتا ہے، درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ قانون میں واضح ہے کہ ریٹرننگ افسر بغیر کسی تاخیر کے فارم 47 جاری کرے گا، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کہا کہ آپ کے پاس تمام فارم 45 کب تک آئے؟ شعیب شاہین نے کہا کہ الیکشن کی رات 12 بجے تک میرے پاس 380 فارم 45 آئے تھے، میں آر او کے افسر گیا تو میرے فارم طارق فضل چوہدری کے کھاتے میں ڈال رہے تھے اور ان کے میرے کھاتے میں، ریٹرننگ افسر کے دفتر گیا تو دھمکی دی تو کہا کہ جائے ورنہ اٹھا کر باہر نکال دیں گے۔ شعیب شاہین نے کہا کہ رات 2 بجے سے پھر ہم نے دھرنا تک دیا مگر انہوں نے اگلے دن دو فارم 47 جاری کردیے، ریٹرننگ افسر نے 9 فروری کو دن ایک بجے فارم 47 جاری کردیا، الیکشن نتائج کے بعد دو فارم 47 جاری کردیے گئے تھے، فارم 47 کے مطابق طارق فضل چوہدری کو ایک لاکھ 2 ہزار 502 جب کہ مجھے 86 ہزار 396 ووٹس دیے گئے، الیکشن کمیشن ویب سائٹ پر 10 فروری کو ایک اور فارم 47 جاری کیا گیا اس میں معمولی تبدیلی کی گئی، آن لائن فارم 47 کے مطابق میرے 86 ہزار 784 جبکہ طارق فضل کے ایک لاکھ 2 ہزار سے کم کیا۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے سوال کیا کہ آپ کے حلقہ میں ریٹرننگ افسر کون تھے؟ شعیب شاہین نے کہا کہ عثمان اشرف اے ڈی سی جی حلقہ این اے 47 کے آر او تھے، یہ وہی آر او صاحب تھے جنہوں نے کاپی پیسٹ کرکے ہمارے کاغذات مسترد کیے تھے، رات کو 2 حلقوں کے رزلٹ دیے گئے تھے مگر میرے حلقے کے نتائج کو روک دیے گئے، نتائج کے بعد اور فارم 47 جاری کرنے سے پہلے میں نے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر کو درخواست دی تھی۔ شعیب شاہین نے کہا کہ ڈی آر او کو درخواست میں یہی کہا کہ فارم 47 میری موجودگی میں جاری کیا جائے، یہی درخواست میں نے ڈی آر او کے بعد الیکشن کمیشن کو بھی دائر کی تھی، شعیب شاہین الیکشن ایکٹ میں واضح ہے کہ ریٹرننگ افسر امیدواروں کے سامنے فارم 47 جاری کرے گا، الیکشن کمیشن کے پاس معاملہ زیر سماعت تھا، اسنے بھی ہمیں بلا کر نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا، جب تک تمام معاملات حل نہیں ہوتے، فارم 47 ٹھیک سے جاری نہیں ہوتے تو کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری ہی نہیں ہوسکتا۔ شعیب شاہین نے کہا کہ سلمان اکرم راجہ کیس میں الیکشن کمیشن نے کہا ہم سے غلطی ہوئی ہے، ہمارے معاملے میں تو فارم 49 بھی جاری نہیں ہوا تھا۔ وکیل الیکشن کمیشن نے کہا کہ کل سنگل رکنی بینچ کے پاس کیس لگا ہے وہاں ریٹرننگ افسران سے رپورٹ طلب کرلی ہے، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے وکیل الیکشن کمیشن سے استفسار کیا کہ آپ لوگ اتوار کو بھی کام کررہے ہیں ناں؟ وکیل الیکشن کمیشن نے جواب دیا کہ جی ہم اتوار کو بھی کام کرتے ہیں۔ عدالت نے وکیل ای سی پی سے مکالمہ کیا کہ کانسلیڈیشن کے معاملے پر آپ کو کوئی نہیں روک رہا، آپ کل سماعت جاری رکھیں، عدالت نے کہا کہ آپ نے دیکھنا ہے کہ اگر فارم 45 یا 47 صحیح نہیں تو آپ کا اختیار کیا ہے؟ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کہا کہ ہم آپ کو کسی آرڈر سے روک نہیں رہے، ہائی کورٹ نے الیکشن ٹریبونل کو نوٹیفکیشن کیا ہوا ہے مگر الیکشن کمیشن نے اس پر کچھ نہیں کیا۔

بقیہ 46

میں کوئی عمل دخل نہیں، جبکہ ڈپٹی کمشنر اور ریٹرننگ افسران کمشنر کے ماتحت ہوتے ہیں۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ کمشنر ڈویژن کا سربراہ ہوتا ہے، کمشنر راولپنڈی نے خود کہا کہ وہ شرمندہ ہیں۔

بقیہ 47

پیر کو سندھ ہائی کورٹ میں سندھ کے سرکاری محکموں میں گریڈ ایک سے 15 تک سرکاری ملازمین کی بھرتیوں پر پابندی کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ کیس قابل سماعت ہونے سے متعلق درخواست گزار ایم کیو ایم کے وکیل فروغ نسیم کے دلائل مکمل ہوگئے۔ ایم کیو ایم نے گریڈ 1 سے 15 تک کی سرکاری ملازمتوں پر بھرتیوں کے خلاف درخواست دائر کی تھی۔ عدالت نے نوکریوں پر پابندی میں 4 مارچ تک توسیع کردی۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر دیگر فریقین سے دلائل طلب کرلیے۔

بقیہ 48

راہداری ضمانت منظور کرلی۔ پشاور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ابراہیم خان نے علی امین گنڈاپور اور فیصل جاوید کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ یہ تو بہت پرانا مقدمہ ہے، علی امین گنڈاپور کہاں تھے؟ وکیل علی امین گنڈاپور نے جواب دیا کہ ہمیں اس مقدمے کے بارے میں معلوم نہیں تھا۔ وکیل علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ڈی آئی خان بنچ نے پہلے ہی مقدمات ضمانت دی ہے۔ دریں اثنا پشاور ہائی کورٹ نے علی امین گنڈاپور کی ضمانت منظور کرلی اور انہیں ایک لاکھ روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دیا۔

بقیہ 49

ذیلی دفتر اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ (IWMB) کے حوالے کیا گیا۔ لیکن نہایت دکھ اور افسوس کی بات ہے کہ اسلام آباد کا چڑیا گھر آج بھی ویران بند پڑا ہے۔ نہ ہی معاہدے کے مطابق اس کی بحالی کے لیے کام کیا گیا اور نہ ہی بین الاقوامی سطح کے جانوروں کی رہائش گاہیں بنائی گئی ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ چڑیا گھر سے لاکھوں روپے کی قیمتی لکڑی کاٹ کر فروخت کی گئی جس پر سی ڈی اے انتظامیہ سمیت متعلقہ اداروں نے کوئی نوٹس نہیں لیا اور سی ڈی اے کو لاکھوں روپے کا نقصان ہوا۔ جس کی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ اسلام آباد کا چڑیا گھر بند ہونا اسلام آباد کے شہریوں کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے اور شہری اس تفریح اور ماحول سے محروم ہیں۔ لیکن ہم بطور نمائندہ تنظیم چیئرمین سی ڈی اے، بورڈ ممبران اور انوائرمنٹ کے افسران کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جن کی کوششوں سے چڑیا گھر کو دوبارہ کھولنے کے لیے سمری کیبنٹ کو بھجوادی گئی ہے۔ جس پر ہم نگران وزیراعظم اور متعلقہ وزراء سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اسلام آباد کے شہریوں کے وسیع تر مفاد میں اس سمری کو ترجیحی بنیادوں پر منظور کیا جائے تاکہ اسلام آباد چڑیا گھر کو شہریوں کے لیے دوبارہ کھولا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مارگلہ پہاڑوں میں ٹریل نمبر 5 اور 6 پر سی ڈی اے انوائرمنٹ نے معلوماتی و فائر فائٹنگ سینٹرز کھولنے کا فیصلہ کیا ہے جو کہ اہم اقدام ہے اس سے یقینی طور پر اسلام آباد کے ساتھ ساتھ ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کو بہترین معلومات ملے گی اور پہاڑوں پر آگ لگنے کی صورت میں ان سینٹرز سے ہنگامی طور پر نمٹا جاسکے گا۔ سی ڈی اے کے ملازمین بھڑکتے ہوئے شعلوں کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنی جان کی بازی لگا دیتے ہیں لیکن ان مزدوروں کو کسی قسم کا کوئی تحفظ حاصل نہیں ہے۔ لیکن ان تمام کامیابوں کا کریڈٹ ہمیشہ افسران اور ایلیٹ کلاس کے لوگ لیتے ہیں جو کہ ملازمین کے ساتھ ناانصافی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ دوسری طرف اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ سی ڈی اے کی زمین اور اثاثوں کو غیرقانونی طور پر کمرشل استعمال کررہی ہے۔ اور ان کمرشل سرگرمیوں سے نہ صرف سی ڈی اے کی بدنامی ہے بلکہ اسلام آباد کے شہریوں کے لیے مشکلات پیدا ہوں گی۔ آخر میں انھوں نے چیئرمین سی ڈی اے اور انوائرمنٹ افسران سے بطور نمائندہ تنظیم مطالبہ کیا کہ ٹریل نمبر 05 اور 06 پر بنائے جانے والے معلوماتی و فائر فائٹنگ سینٹرز کو فوری طور پر بحال کیا جائے تاکہ اسلام آباد کے شہریوں کو تفریح کے مواقع کے ساتھ ساتھ معلومات مل سکے۔

بقیہ 50

سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں جنرل سیکرٹری قومی اسمبلی طاہر حسین، اسپیشل سیکرٹری برائے خصوصی اقدامات سید شمعون ہاشمی، اسپیشل سیکرٹری قانون سازی محمد مشتاق، قومی اسمبلی کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اسپیکر نے کہا کہ جدید خطوط پر استوار ہونے کے بعد یہ شعبے پہلے سے زیادہ بہتر طریقے سے قومی اسمبلی کے اراکین کو قانون سازی اور پالیسی سازی میں معاونت فراہم کرنے کے ساتھ شہریوں اور میڈیا کو قومی اسمبلی کے متعلق معلومات فراہم کرسکیں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ قومی اسمبلی کی لائبریری اور ریسرچ سنٹر کی اپ گریڈیشن کے بعد قومی اسمبلی میں ڈیجیٹلائزیشن اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔ اس موقع پر اسپیشل سیکرٹری قومی اسمبلی برائے خصوصی اقدامات سید شمعون ہاشمی نے اسپیکر قومی اسمبلی کو قومی اسمبلی کی لائبریری اور ریسرچ سنٹر کی اپ گریڈیشن اور تزئین و آرائش سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ قومی اسمبلی کی لائبریری اور ریسرچ سنٹر کی اپ گریڈیشن 2050 تک کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی کے تمام ریکارڈ کو ڈیجیٹلائز کیا جارہا ہے۔

بقیہ 51

سہولت مرکز قائم کردیا گیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق آزاد امیدواروں کو کسی بھی سیاسی جماعت میں شمولیت کے لئے سیاسی جماعت کے سربراہ کی طرف سے جاری کردہ خط بمعہ آزاد امیدوار کا اصلی بیان حلفی جمع کروانا ہوگا۔

بقیہ 52

نوک پر چھینے گئے موٹر سائیکل، قیمتی موبائل فون، نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ سنبل پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے تین ارکان کو گرفتار کرلیا

بقیہ 53

ایس پی لیگل سمیت تھانوں کے محرران نے شرکت کی، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے تھانوں کے محرران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں ڈی ایس پی لیگل سمیت تھانوں کے محرران نے شرکت کی، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے افسران کی فرداً فرداً کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے کہا کہ سنگین مقدمات کے اشتہاریوں کی گرفتاری کو ہرصورت یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 54

دکیپیٹل پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ سیکرٹریٹ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 56 گھروں، 23 گاڑیوں، 47 موٹرسائیکلوں اور 189 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا جبکہ ایک گاڑی، دو موٹرسائیکل اور غیر قانونی اسلحہ معہ ایمونیشن جانچ پڑتال کیلئے تھانہ سیکرٹریٹ منتقل کیا گیا، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیے جارہے ہیں

بقیہ 55

ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران تین پیشہ ور بھکاریوں سمیت 19 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ کوہسار پولیس نے تین ملزمان مزمل عباس، محمد مہران اور ہیبت خان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 40 بوتلیں اور 20 کین شراب اور ایک عدد 30 بور پستول معہ ایمونیشن برآمد کرلیا

بقیہ 56

کا بعد از ٹیکس منافع حاصل کیا ہے۔ اس بات کا اعلان میزان بینک کی بورڈ آف ڈائریکٹرز کی میٹنگ کے بعد کیا گیا جس کی صدارت بورڈ کے چیئرمین ریاض ایس اے ادریس نے کی جبکہ اس موقع پر بورڈ کے وائس چیئرمین فیصل اے اے الانصر بھی موجود تھے۔ بورڈ نے حصص یافتگان کیلئے 8 روپے (80 فیصد) فی شیئر کیش ڈیویڈنڈ دینے کی بھی منظوری دی۔ بینک پچھلے 9 ماہ میں حصص یافتگان کو 12 روپے کیش ڈیویڈنڈ ادا کرچکا ہے۔ اس طرح 2023 میں بینک نے حصص یافتگان کو مجموعی طور پر 20 روپے (200 فیصد) کیش ڈیویڈنڈ دیا ہے۔ بینک کا کیپٹل ایڈیکیسی ریشو 22.39 فیصد کی اطمینان بخش سطح پر رہا جو کہ اسٹیٹ بینک کے کم سے کم 11.50 فیصد کی شرط سے نمایاں طور پر زیادہ ہے۔ 31 دسمبر 2023 کو میزان بینک کے ڈپازٹس پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 34 فیصد اضافے کے ساتھ 2.2 کھرب روپے ہوگئے ہیں۔

بقیہ 57

چیت کی۔ دبئی میں پاکستان کے پریس قونصلر کے مطابق یو اے ای میں پاکستانی سفیر نے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) کی طرف سے دبئی کے ورلڈ ٹریڈ سینٹر قائم کیے گئے پویلین کے افتتاح اور دورے کے بعد میڈیا سے بھی بات کی۔ سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا کہ تقریباً سو پاکستانی کمپنیز جو فوڈ انڈسٹری کے ساتھ وابستہ ہیں وہ یہاں جمع ہوئی ہیں جو خوش آئند بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں پاکستان کی برآمدات میں 40 فیصد اضافہ ہوا بالخصوص چاولوں اور گوشت میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے منتظمین اور ٹی ڈی اے پی کے نمائندوں سے ملاقات پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان دنیا میں دودھ کی پیداوار کے لحاظ سے تیسرا بڑا ملک ہے، پاکستان پہلی بار اس حوالے سے ابوظہبی اور سعودی عرب کی مارکیٹ میں داخل ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے بڑی خوشی ہے کہ پاکستانی ڈیری پراڈکٹس والے بڑی تعداد میں گلف فوڈ میں شرکت کررہے ہیں۔

بقیہ 58

کھولے گئے بیگز، بیلٹ پیپرز اکاؤنٹ بیگ، جاری بیلٹ پیپرز کی کاؤنٹر فوائل کو دیکھا جائے۔ فافن نے تجویز دی ہے کہ پہلے مرحلے میں دستاویزات بشمول نتیجہ فارم کے درست ہونے کا جائزہ لیا جائے، دوسرے مرحلے میں غیر تصدیق شدہ فارم کے انتخابی نتائج پر اثرات کا جائزہ لیا جائے۔ فافن کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ تیسرے مرحلے میں الیکشن آفیشلز کا احتساب کیا جائے، الیکشن کمیشن فارمز 45 کی مختلف کاپیوں کی حقیقت کی وضاحت کرے۔

بقیہ 59

ہوگئی۔ انہوں نے بتایا کہ ڈولفنز کچھ دیر بعد سطح سمندر پر آکسیجن لینے آتی ہیں، اس لیے جال میں پھنستے ہی مر جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈولفن سمندری ماحولیاتی نظام میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، بلوچستان کے سمندر میں ڈولفن کی تقریباً 12 اقسام پائی جاتی ہیں، جو معدومی کے خطرے سے دوچار ہیں۔ دوسری جانب اس حوالے سے ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان کے مشیر برائے تکنیکی معظم خان کے مطابق مردہ پائی گئی آبی حیات انڈو پیسفک فن لیس پورپوزنسل کی ہے، یہ اس سال کا پہلا کیس ہے، جب پورپوز مردہ حالت میں پائی گئی۔

بقیہ 60

فورس کا سی بی ڈی آئل سے بھرے ویپس کے خلاف کامیاب آپریشن میں پاکستان کے 3 بڑے شہروں میں بیک وقت کارروائیاں کی گئیں، ویپس کی تقسیم میں ملوث بین الصوبائی منشیات فروش گروپ کو نشانہ بناتے ہوئے 8 افراد گرفتار کرلیے۔ دوران آپریشن چرس کے تیل سے بھرے ویپس، سی بی ڈی آئل، ٹی ایچ سی آئل، بھنگ کے پودے سے بنے سگریٹ رول برآمد کیے گئے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
20 فروری 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پردرج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 20 فروری 2024 صبح 09:00 بجے تا شام 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، الکیٹل، H-8/2، انڈسٹریل-II، فلور مل-II، I-9/4، I-8/1، جی او آر، فلور مل-I، G-6/3، بنی گالہ، G-8، G-8/2، F-6، بلیو ایریا، اقبال ٹاؤن، سروس روڈ ایسٹ، فراش ٹاؤن، چھٹہ بختاور، H-8/2، G-10/3، F-8، الکیٹل، G-11/4، I-10/2، NIH، NPF-II، موہڑہ نور، پنڈی پوائنٹ، کوہالہ، پرل کینٹینل، کوٹلی ستیاں، بلاورہ، پیر سوہاوہ فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، فضائیہ-I، فضائیہ-II، ٹاپ سٹی، ممتاز سٹی، بجنیال، F-17/1، F-17/2، نوگزی، پشاور روڈ، مصریال، غوثیہ کالونی، فورتھ روڈ، سی بلاک، اے بلاک، صادق آباد، نیشنل مارکیٹ، آفندی کالونی، کری روڈ، ڈھوک روڈ، فاروق اعظم، سیکٹر 4، ڈھوک حکمداد، سٹی، میجر مسعود، صرافہ بازار، جناح روڈ، اقبال روڈ، گلزار شہید، بنی، کیانی روڈ، پشاور روڈ، ملت آباد، ریڈیو پاک-1، بجنیال، ٹاپ سٹی، سہام، رنج روڑ، رحمت فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، پنڈ جاتلہ، نیوروات، اولڈ روات، منصور شہید، سی ڈبلیو او، سہالہ کالج، سپارکو، RCCI، PAECHS-I&II، رحمت آباد-I&II، جیل پارک-I، کوٹ جی، مکہ چوک، بوستان خان، اسلام آباد فیڈ مل، جھٹہ ہتھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب-I&II، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ، جھٹہ ہتھیال، کشمیر روڈ، جہانگیر روڈ، PAF، NPF-1، ماڈل ٹاؤن، نیشنل پارک، لالہ زار، گلشن آباد، مورت، شاہ جیون، کینٹ، چونترہ، لہتراڑ-II، کلر سیداں، نارہ مٹور، جاپان روڈ، ساگری، نیو چواہ، فضل احمد، بھل، مندرہ-II، بحر کلیال، رمن فیڈرز، اٹک سرکل، نوازش شہید غوری، ہرو، دھیرک، پسوال، کاشف گل شہید، ماڈل ٹاؤن، شفیع چوہان، براہما، نڑتوپا، دلاور آباد، حمید، مانسر، کامرہ رورل، پیپل کالونی، کیپٹن اشتیاق، کھڑاپہ، سٹی، حافظ آباد، مورت، پنڈ سلطانی، گلیال، کمریال، فتح جنگ، مقصود شہید، ماہرہ شریف فیڈرز، جہلم سرکل، F-7، کچہری، F-13، گرمالہ، بولانی، پران، F-8، سول لائن، جاکھڑ، دینہ۔ 3 روہتاس، مدو کالس، بھگوال، چکیام، چوتالہ، کرنل محمد اکرم، مٹوا، نئی خانگاہ، مل اعوان، شاہ سفیر، کنگر تھالی فیڈرز، چکوال سرکل، کریالہ، لائن پارک، مرید، کلر کہار، اسلامیہ چوک، دولتالہ، طفیال، خان پور سرکل، ڈنڈوت، ڈفر، طوبا، پی ڈی خان، عبداللہ پور، بلکسر، پیپلی، ڈی ایس بلاول، ڈھوک غزن، مدینہ ٹاؤن، ڈھوک پٹھان، کوٹ سارنگ، تھائی، دروٹ، میل، ونہار فیڈرز، جی ایس او سرکل، صبح 08:00 بجے تا شام 06:00 بجے تک، سٹی-II، سہیکہ-II، خادم آباد فیڈرز صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، بشارت، کتاس، دلوال، تھرپال، سی ایس شاہ، ڈنڈوت، کمبیلی صادق، کلر سٹی، دوبیرن مل اعوان فیڈرا اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

ایڈیشنل سیشن جج نے منشیات کے مقدمہ میں فیصلہ سنا دیا

تھانہ جاتلی پولیس کی منشیات کے مقدمہ نمبر 589/23 بجرم 9 تھری سی کی موثر پیروی

ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکہ نے ملزم کو 9 سال قید اور 80 ہزار جرمانے کی سزا سنا دی

گوجرخان (قمر شہزاد) پولیس تھانہ جاتلی کی منشیات کے مقدمہ کی موثر پیروی منشیات کے مشہور مقدمہ نمبر 589/23 بجرم 9 ون 3 سی میں نامزد ملزم کو ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکہ نے 9 سال قید با مشقت 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنا دی جرمانہ کی ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں 3 ماہ کی مزید قید کی سزا تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکہ نے تھانہ جاتلی میں درج منشیات مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے منشیات فروش ملزم وقاص وحید کو 09 سال قید بامشقت، 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنا دی یاد رہے کہ سابق ایس ایچ او تھانہ جاتلی انسپکٹر ملک آفتاب نے ملزم وقاص وحید کے خلاف موثر تفتیش کرتے ہوئے ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا تھا، انسپکٹر ملک (بقیہ نمبر 1)

موسم تبدیل ہوتے ہی نئے وائرس کے کیسز رپورٹ ہونے کا انکشاف

بزرگ افراد، دمہ اور ذیابطیس کے مریض بہت زیادہ احتیاط کریں اور ہاتھ ملانے سے گریز کریں

کراچی (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کراچی میں ہواؤں کا رخ تبدیل ہوتے ہی بڑی تعداد میں عوام نئے وائرل انفیکشن 'ایڈینو' کا شکار ہونے لگے ہیں۔ طبی ماہرین کے مطابق شہر میں بڑی تعداد میں عوام نزلہ، کھانسی، زکام اور بخار میں مبتلا ہیں۔ ڈاکٹرز نے بتایا کہ ایڈینو وائرس سے متاثرہ شخص 2 سے 3 دن میں صحت یاب ہو (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی، بارش اور سرد موسم میں ایک کاریگر جلیبیاں تیار کر رہا ہے

9 مئی مقدمات، ملزمان کے جیل ٹرائل کیخلاف درخواست ناقابل سماعت قرار

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس علی باقر نجفی کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے درخواست خارج کردی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے 9 مئی کو جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات کے جیل ٹرائل کے خلاف درخواست ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے خارج کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس علی باقر نجفی کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ فیصل آباد میں نو مئی کے کیسز میں 250 سے 300 افراد نامزد ہیں، قانون کی روشنی میں ٹرائل اوپن کورٹ میں ہونا (بقیہ نمبر 5)

عوام کی امانت میں خیانت ہوئی، عدالتیں مینڈیٹ کا تحفظ کریں

عوام سڑکوں پر ہے ملک جل رہا ہے، عدالتیں انصاف کرنے میں دیر نہ کریں، یاسمین راشد

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما و سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا ہے کہ عوام کی امانت میں خیانت ہوئی، عدالتیں عوام کے مینڈیٹ کی حفاظت کریں۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں سانحہ نو مئی کے مختلف مقدمات میں پیشی کے موقع پر صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کے دوران صحافی نے ڈاکٹر یاسمین راشد سے سوال کیا کہ کیا آپ پنجاب میں اپوزیشن لیڈر بن رہی ہیں؟۔ صحافی کے سوال کا جواب دیتے (بقیہ نمبر 7)

پی پی 8 چوہدری جاوید کوثر سیاسی جماعت سنی اتحاد کونسل میں شامل

گوجرخان (این این آئی) 8 فروری کو ہونے والے انتخابات میں کامیاب ہونے والے پی ٹی آئی کے نامزد آزاد امیدوار حلقہ پی پی 8 چوہدری جاوید کوثر سیاسی جماعت سنی اتحاد کونسل (SIC) میں شامل ہو گئے یاد رہے کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے 8 فروری کو ہونے والے انتخابات میں کامیاب امیدواروں کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری ہونے کے بعد تحریک انصاف کے نامزد کامیاب (بقیہ نمبر 3)

پی ٹی آئی کارکن طیبہ راجہ کی درخواست ضمانت کا تحریری فیصلہ جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کی کارکن طیبہ راجہ کی درخواست ضمانت کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے دو صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا ہے کہ شناخت پریڈ میں زیادہ تر گواہ درخواست گزار کو (بقیہ نمبر 4)

پی ٹی آئی کو سیاسی جماعتوں کی فہرست سے نکالنے کی درخواست خارج

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کو سیاسی جماعتوں کی فہرست سے نکالنے کی درخواست خارج کردی۔ جسٹس علی باقر نجفی نے پی ٹی آئی کو سیاسی جماعتوں کی فہرست سے نکالنے کے لیے درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار آفاق احمد ایڈووکیٹ نے چیئرمین الیکشن کمیشن اور سیکرٹری الیکشن کمیشن کو فریق بناتے ہوئے مقف اختیار کیا کہ پی ٹی آئی انٹرا پارٹی انتخابات کو الیکشن کمیشن غیر قانونی قرار دے چکا ہے، پی ٹی آئی سے انتخابی نشان واپس لے لیا گیا ہے، اس وقت (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی، ایس ایس پی انویسٹی گیشن زنیرہ اظفر پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

گیس، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی بڑھے گی

اندازہ ہے کہ فروری میں مہنگائی کی شرح میں نصف پرسنٹیج پوائنٹ اضافہ ہوجائے گا، اور مہنگائی کی شرح 25 فیصد تک پہنچ جائے گی

سیاسی عدم استحکام اور اپریل میں فوری طور پر نئے آئی ایم ایف پروگرام کا عدم حصول مہنگائی میں مزید اضافے کا باعث بنے گا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے نتیجے میں مہنگائی کی شرح میں اضافے کا امکان ہے۔ اندازہ ہے کہ فروری میں مہنگائی کی شرح میں نصف پرسنٹیج پوائنٹ اضافہ ہوجائے گا، اور مہنگائی کی شرح 25 فیصد تک پہنچ جائے گی، اس طرح مارچ کے مہینے میں بینچ مارک انٹرسٹ ریٹ میں کمی کا امکان بھی معدوم ہوجائے گا۔ سیاسی عدم استحکام (بقیہ نمبر 8)

پنجاب پولیس کے تھانوں کی خوبصورتی کی دھوم

ایک اور نو بیاہتا جوڑا فوٹو شوٹ کیلئے تھانہ پہنچ گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کے تھانوں کی خوبصورتی کی دھوم، ایک اور نو بیاہتا جوڑا فوٹو شوٹ کیلئے تھانہ پہنچ گیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق ولیمہ کے بعد دولہا دلہن فوٹو گرافرز کو لے کر تھانہ صدر مظفر گڑھ پہنچ گئے، نو بیاہتے جوڑے نے تھانے کی ریسپشن اور گیلری میں فوٹو شوٹ کرایا، دلہن نے بتایا کہ فوٹو گرافرز کے مشورے پر تھانے فوٹو (بقیہ نمبر 9)

محکمہ خزانہ پنجاب کے آئندہ بجٹ کی منظوری کے حوالے سے گومگو کا شکار

پنجاب کی نگران حکومت نے چار ماہ کا بجٹ دیا جو 29 فروری کو ختم ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب کا آئندہ بجٹ کون منظور کرے گا اس حوالے سے محکمہ خزانہ گومگو کا شکار ہے۔ بتایا گیا ہے کہ پنجاب کی نگران حکومت نے چار ماہ کا بجٹ دیا جو 29 فروری کو ختم ہوگا، اگر 29 فروری کو پنجاب اسمبلی کو پنجاب اسمبلی کا اجلاس منعقد ہوا تو پہلے اجلاس میں بجٹ پیش نہیں ہوسکتا، آئین میں درج ہے کہ اسمبلی کے پہلے اجلاس میں کوئی بزنس نہیں ہو سکتا، پہلے اجلاس میں صرف سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے الیکشن کا شیڈول جاری ہوتا ہے، سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کے لیے منعقدہ اجلاس میں بجٹ منظور نہیں ہو سکتا (بقیہ نمبر 11)

کمشنر راولپنڈی کے انکشاف موقف کی تائید ہیں

مزید ضمیر جاگے تو دھاندلی والے کہاں جائیں گے، قیصر شریف

اسلام آباد (این این آئی) جماعت اسلامی کے ترجمان قیصر شریف نے کہا ہے کہ کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کے انکشافات ہمارے موقف کی تائید ہیں، ان کی طرح مزید ضمیر جاگ گئے تو دھاندلی کرنے والے کدھر جائیں گے۔ اپنے بیان میں قیصر شریف نے کہا کہ قیمتوں میں بے تحاشا اضافے سے لوگوں کے لیے سانس لینا دشوار ہوگیا، قومی حکومت (بقیہ نمبر 12)

دو ہزار کلو مردہ مرغیوں کی کھیپ پکڑی گئی، مقدمہ درج

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) فوڈ اتھارٹی کی کاروائی، مردہ مرغیوں کی بڑی کھیپ پکڑی گئی، دو ہزار کلو گرام مردہ مرغیوں کا گوشت تلف، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق کاروائی فیصل آباد روڈ کینال میں مردہ مرغیوں کے کولیکشن پوائنٹ پر کی گئی جہاں سے مردہ مرغیوں کا گوشت شہر بھر میں مختلف فوڈ پوائنٹس پر سپلائی کیا جانا تھا، پولیس نے 2 موٹر سائیکلیں اور دیگر سامان قبضے میں لے لیا، دو ہزار کلو گرام مردہ مرغیوں کا گوشت تلف کر کے سپلائرز کے خلاف مقدمہ درج کروادیا گیا ڈی جی (بقیہ نمبر 10)

امیر بالاج ٹیپو کے قتل کا مقدمہ درج، طیفی بٹ سمیت دیگر نامزد

لاہور (این این آئی) اتوار کی رات فائرنگ سے قتل ہونے والے بالاج ٹیپو کے قتل کا مقدمہ تھانہ چوہنگ میں درج کر لیا گیا۔ مقدمہ مقتول کے بھائی امیر مصعب کی مدعیت میں درج کیا گیا، مقدمہ خواجہ تعریف گلشن عرف طیفی بٹ اور خواجہ عقیل عرف گوگی بٹ سمیت 4 نامعلوم افراد کے خلاف درج کیا گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق اتوار کی رات شادی کی تقریب سے واپسی پر فائرنگ ہوئی، 4 نامعلوم افراد نے فائرنگ (بقیہ نمبر 13)

لاہور، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں ڈچ ہاکی کلب ہالینڈ اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کی ٹیموں کے درمیان ہاکی میچ کے موقع پر سووینئر دے رہے ہیں

مسلم لیگ ن کی حکومت تحصیل گوجرخان کے عوام کی بلاتفریق خدمت کریگی

مریم نواز کی قیادت میں پنجاب تعمیر و ترقی کی نئی منازل طے کرے گا، راجہ جاوید اخلاق

گوجرخان (قمر شہزاد) مسلم لیگ ن کی حکومت تحصیل گوجرخان کے عوام کی بلاتفریق خدمت کرے گی مریم نواز کی قیادت میں پنجاب تعمیر و ترقی کی نئی منازل طے کرے گا گوجرخان میں تعمیر و ترقی کا رکا ہوا سلسلہ پھر سے شروع ہوگا مسلم لیگ ن کے کارکن میاں نواز شریف میاں شہباز شریف اور مریم نواز کی قیادت میں متحد ہیں ان خیالات کا اظہار (بقیہ نمبر 14)

بے سہارا بچوں کی تعلیمی کفالت کیلئے فنڈ ریزنگ تقریب

تقریب میں شامل خواتین و حضرات نے دل کھول کر فنڈ ریزنگ میں اپنا حصہ ڈالا

گوجرخان (قمر شہزاد) غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام گوجرخان کے مقامی شادی ہال میں سالانہ فیملی ڈنر برائے کفالت یتیم و مستحقین طلبا و طالبات کا انعقاد کیا گیا جس میں دولتالہ، گوجرخان، کلر سیداں اور مندرہ کے اہل خیر نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن پی ایس ایس پی پراجیکٹ سکولز کے (بقیہ نمبر 15a)



اسلام آباد، آزاد جموں و کشمیر کے وزیر اعظم چوہدری انوار الحق کو پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید اپنی تصنیف پیش کر رہے ہیں

سینیٹر مشاہد حسین سید کا نواز شریف کو پی ٹی آئی سے مصالحت کا مشورہ

سیاسی پیوندکاری ہوئی تو 1977ء کے الیکشن کے بعد جیسی ٹریجڈی ہی سامنے آئے گی

مخلوط حکومت کی کھچڑی پکانے سے کام نہیں چلے گا، تباہی ہوگی، خصوصی پیغام

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر مشاہد حسین سید نے پارٹی قائد میاں نواز شریف کو تحریک انصاف سے مصالحت کا مشورہ دے دیا۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر ایک پیغام میں مشاہد حسین سید نے کہا کہ 1977 کے بعد انتہائی متنازع انتخابات ہوئے اب آگے کیا کریں، بہت احتجاج ہوگیا، میاں صاحب سٹیٹس مین کا کردار ادا کریں اور سیاسی معاملات اپنے ہاتھ میں لے کر تین چیزیں طے کریں۔ مشاہد حسین سید نے کہا کہ میاں صاحب بڑے دل کا مظاہرہ کریں، وزارت عظمی کا عہدہ پیپلز پارٹی کو دیں، نواز شریف پی ٹی آئی کی طرف مصالحت کا ہاتھ بڑھائیں، الیکشن میں اکثریت حاصل کرنے (بقیہ نمبر 16)

ڈگری شوگر مل کے گیٹ کے سامنے بقایاجات کیلئے لگنے والا دھرنا ختم

کاشتکاروں اور مل انتظامیہ میں معاہدہ ہوگیا معاہدے کی کاپی سامنے آگئی

ڈگری (محمد عاصم آرائیں) ڈگری شوگر مل کے گیٹ کے سامنے بقایاجات کے لیے لگنے والا دھرنا ختم، کاشتکاروں اور مل انتظامیہ میں معاہدہ ہوگیا معاہدے کی کاپی سامنے آگئی تفصیل کے مطابق ڈگری شوگر مل کے سامنے کاشتکاروں کی جانب سے لگایا جانے والا بقایاجات کی ادائیگی کے لیے دھرنا ختم ہوگیا مل انتظامیہ اور کاشتکاروں میں معاہدہ ہوگیا دونوں فریقین کی جانب سے معاہدے کی کاپی منظر عام پر آگئی۔ معاہدے کے مطابق 20 افراد کو بقایاجات کے 20 فیصد رقم کے سیکورٹی چیک 31 مارچ کے دیے گئے۔ پانچ ماہ میں کاشتکاروں (بقیہ نمبر 17)

مظفر آباد، حکومت کی عدم توجہی کے باعث محکمہ پبلک ہیلتھ کے ٹیکنیکل کیڈر کے ملازمین اپنے حقوق کے لئے بارش میں احتجاج کر رہے ہیں

لاپتا افراد کی بازیابی کے لئے اقدامات جاری رکھنے کا حکم

لاپتا افراد کے اہلخانہ اور وکلا میں سے کوئی بھی عدالت میں پیش نہیں ہوا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے بچی سمیت پانچ لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر لاپتا افراد کی بازیابی کے لئے اقدامات جاری رکھنے کا حکم دے دیا۔ پیر کو سندھ ہائی کورٹ میں بچی سمیت 5 لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ لاپتا افراد کے اہلخانہ اور وکلا میں سے کوئی بھی عدالت میں پیش نہیں ہوا۔ لاپتا افراد کراچی کے مختلف علاقوں سے طویل عرصے سے غائب ہیں۔ محمد امین 2014 سے تھانہ قائد آباد کے علاقے، شہری مشتاق 2015 گارڈن، بے بی سیما سہراب گوٹھ، شہری (بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی، بارش میں بڑھتی مانگ کے سبب ریڑھی بان گرم گرم پکوڑے تیار کر رہا ہے

غیرت کے نام پر ایک اور ہوا کی بیٹی موت کی بھینٹ چڑھ گئی

ملزم بھائی بدچلنی کے شبہ پر بہن کو گولیاں مار کر فرار، مقدمہ درج

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) غیرت کے نام پر شادی شدہ بہن کو فائر مار کر قتل کر دیا، تفصیلات کے مطابق نواحی قصبہ بھومن شاہ میں ملزم امجد کو اپنی شادی شدہ بہن 32 سالہ صابرہ بی بی زوجہ رشید پر بدچلنی کا شبہ تھا جس پر گزشتہ روز ان دونوں میں جھگڑا ہوا جس پر غیرت میں آ کر ملزم امجد نے اپنی حقیقی بہن صابرہ پر فائرنگ کر دی، گولیاں لگنے سے 32 سالہ صابرہ بی بی موقع پر جاں بحق ہوگئی جبکہ ملزم امجد موقع سے فرار (بقیہ نمبر 19)

حجرہ شاہ مقیم اوباش نوجوان کی درندگی، کمسن بچہ بدفعلی کے بعد قتل کردیا

ڈی پی او موقع پر پہنچ گئے، ملزم گرفتار، مقدمہ درج، اہل علاقہ غم و اذیت کا شکار

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) اوباش درندے نے کم سن بچے کو بدفعلی کے بعد قتل کر دیا، ملزم گرفتار، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق حجرہ شاہ مقیم کے نواحی گاؤں بدری داس کے رہائشی محنت کش محمد دلیس کے 5 سالہ بیٹے وسیم علی کو گلی میں کھیلتے ہوئے 21 سالہ ملزم نبی بخش چیز دلانے کا لالچ دیکر ساتھ لے گیا اور اسے فصلوں میں لیجا کر مبینہ طور پر (بقیہ نمبر 20)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

انتخابات میں مبینہ دھاندلی درخواست گزار عدالت سے غائب سپریم کورٹ برہم

سپریم کورٹ آف پاکستان نے درخواست گزار بریگیڈیئر علی خان کو وزارت دفاع کے ذریعے نوٹس جاری کردیا

ایس ایچ او کے ذریعے بھی درخواست گزار بریگیڈیئر علی خان سے رابطہ کیا جائے، کیس کی دوبارہ سماعت 21 فروری کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے 8 فروری 2024 کو ہونے والے عام انتخابات کالعدم قرار دینے کے کیس میں متعلقہ تھانے کے ایس ایچ او کو درخواست گزار بریگیڈیئر ریٹائرڈ محمد علی کو پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے ریمارکس دیے ہیں کہ ایسے سپریم کورٹ کے ساتھ مذاق نہیں ہو سکتا کہ پہلے درخواست دائر کرتے ہیں اور پھر غائب ہوجاتے ہیں، (بقیہ نمبر 21)

نمونیہ کے وار جاری، مزید ایک بچہ جاں بحق، سینکڑوں نئے کیسز رپورٹ

لاہور (این این آئی) خشک سردی میں نمونیہ کیسز میں اضافہ جاری، گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں پنجاب میں نمونیہ کے مزید 490 کیس رپورٹ ہوئے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں پنجاب میں نمونیہ سے 1 بچے جاں بحق ہوگیا، لاہور میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں 134 کیسز رپورٹ ہوئے تاہم لاہور میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں کوئی بچہ جاں بحق نہیں ہوا۔ لاہور میں مجموعی کیسز (بقیہ نمبر 22)

یو اے ای میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز گلف فوڈ فیسٹیول میں پاکستانی پویلین کا افتتاح کر رہے ہیں

جلاؤ گھیراؤ مقدمات، یاسمین راشد و دیگر پر آئندہ سماعت پر فرد جرم عائد ہونے کا امکان

لاہور (این این آئی) جلاؤ گھیراؤ اور اشتعال انگیز تقاریر کے مقدمات میں پی ٹی آئی رہنماؤں ڈاکٹر یاسمین راشد، میاں محمود الرشید، اعجاز چودھری اور عمر سرفراز چیمہ پر آئندہ سماعت پر فرد جرم عائد ہونے کا امکان ہے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ارشد جاوید چدھڑ نے شیر پاؤ پل پر اشتعال انگیز تقریر، جلاؤ گھیراؤ اور گلبرگ میں پولیس کی (بقیہ نمبر 23)

جہلم پنڈ دادنخان سڑک کی تعمیر میں مبینہ کرپشن معاملہ

سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کی درخواست ضمانت پر سماعت ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت نے جہلم پنڈ دادن خان سڑک کی تعمیر میں مبینہ کرپشن معاملے پر سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کی درخواست ضمانت پر سماعت ملتوی کر دی۔ احتساب عدالت کے جج محمد بشیر کی عدم دستیابی کے باعث سماعت ملتوی (بقیہ نمبر 25)

لاہور ہائیکورٹ سے صنم جاوید کے شوہر کی ضمانت منظور

عتیق ریاض کو جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں گرفتار کیا گیا تھا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کی رہنما صنم جاوید کے شوہر عتیق ریاض کی ضمانت منظور کر لی۔ جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے ضمانت منظور کی۔ عدالت نے وکلا کے دلائل کے بعد فیصلہ سنایا۔ ملزم عتیق ریاض (بقیہ نمبر 24)

حالیہ بارشوں کے دوران شہر کی گلیوں کی صفائی کا کام مسلسل جاری

بارشوں کے دوران آر ڈبلیو ایم سی کے ورکرز شہر اور نالیوں کی بھرپور صفائی کر رہے ہیں، چیف ایگزیکٹو آفیسر ویسٹ مینجمنٹ کمپنی راولپنڈی رانا ساجد

راولپنڈی، کمرشل مارکیٹ میں ایک دکاندار شہریوں کو متوجہ کرنے کیلئے خشک میوہ جات سجا رہا ہے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر کی ہدایت پر راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز نے حالیہ بارشوں کے دوران شہر کی گلیوں، نالیوں کی صفائی کا کام مسلسل جاری رکھا ہوا ہے، بارشوں کے دوران آر ڈبلیو ایم سی کے ورکرز شہر اور نالیوں کی بھرپور صفائی کر رہے ہیں، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے شہر میں گزشتہ روز ہونیوالی بارش میں صفائی کے خصوصی انتظامات کئے، صفائی ورکرز کی اضافی تعداد شہر میں تعینات کر دی گئی، صفائی ورکرز نے برستی بارش میں ہی چھوٹی بڑی نالیوں کو اچھی طرح سے صاف کر دیا تاکہ شہر میں نکاسی آب کا کوئی مسئلہ پیدا نہ ہو، چیف ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد (بقیہ نمبر 26)

لاہور، مختلف واقعات میں 4 افراد جاں بحق

2 نوجوانوں نے گلے میں پھندا ڈال کر زندگی کا خاتمہ کیا' پولیس

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں مختلف واقعات میں 4 افراد جاں بحق ہو گئے، پندرہ سالہ لڑکے نے موبائل فون کے استعمال سے روکنے پر زندگی کا خاتمہ کیا۔ پولیس کے مطابق شیرا کوٹ کے علاقہ میں واقع نجی ہوٹل میں 24 سالہ نوجوان (بقیہ نمبر 27)

مراد علی شاہ کو پھر وزیر اعلیٰ سندھ بنانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کی قیادت نے ایک مرتبہ پھر مراد علی شاہ کو وزیر اعلیٰ سندھ بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ پیپلز پارٹی نے انتخابات کے 10 دن بعد سندھ کی وزارت اعلیٰ سے متعلق اہم فیصلہ کرلیا اور مراد علی شاہ ایک بار پھر وزیر اعلیٰ سندھ بنیں گے۔ مراد علی سندھ کی کابینہ میں وزارت خزانہ اور وزارت داخلہ کا قلمدان بھی اپنے پاس رکھیں گے۔

ننکانہ صاحب، ضلع بھر میں غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کی بھرمار

اکثریت کے پاس این او سی تو دور کی بات، رقبے بھی پورے نہیں

ننکانہ صاحب (این این آئی) ننکانہ صاحب شہر سمیت ضلع بھر میں غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کی بھرمار۔ اکثریت کے پاس این او سی تو دور کی بات، رقبے بھی پورے نہیں، چند کنال جگہ خرید کر پلاٹنگ کر لی جاتی ہے اور سادہ لوح لوگوں کو سہانے سپنے دکھا کر انہیں جمع پونجی سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ ضلع ننکانہ میں غیر قانونی خود ساختہ ہاؤسنگ سوسائٹیوں (بقیہ نمبر 28)

ناصر جاوید رانا احتساب عدالت اسلام آباد کے جج تعینات

اسلام آباد (این این آئی) سیشن جج ناصر جاوید رانا کو احتساب عدالت اسلام آباد کا جج تعینات کر دیا گیا۔ وزارت قانون نے احتساب عدالت کے نئے جج کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ جج ناصر جاوید رانا کو احتساب عدالت نمبر ایک میں تعینات کیا گیا ہے، ان کو 23 جنوری 2026 تک احتساب عدالت کا جج تعینات کیا گیا ہے۔ جج محمد بشیر کی چھٹیوں کے باعث ناصر جاوید رانا کو احتساب عدالت کا جج تعینات کیا گیا ہے، جج محمد بشیر مارچ میں اپنی ریٹائرمنٹ (بقیہ نمبر 29)

شہری وقفہ وقفہ سے جاری رہنے والی بارش کے دوران شہری اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہیں

پی ٹی آئی ایک اور 9 مئی کرنے کی سازش کر رہی ہے، (ن) لیگ

پاکستان کے خلاف ساری سازش بیرون ملک بیٹھ کر کی جا رہی ہے، نگران حکومت کیا دیکھ رہی ہے کس چیز کا انتظار کر رہی ہے

وفاق اور صوبائی حکومتیں بلوائیوں اور جتھوں کو روکنے کے لئے پیشگی اقدامات کریں، یہ پاکستان کے سول سٹرکچر پر حملہ آور ہو رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی جانب سے ایک اور 9 مئی کرنے کی سازش کی جا رہی ہے، سابق کمشنر راولپنڈی کا بیان 9 مئی پارٹ ٹو کی طرف پیشرفت کرنے کی بنیاد ہے، پاکستان کے خلاف ساری سازش بیرون ملک بیٹھ کر کی جا رہی ہے، نگران حکومت کیا دیکھ رہی ہے کس چیز کا انتظار کر رہی ہے، وفاق اور صوبائی حکومتیں ان بلوائیوں اور جتھوں کو روکنے کے لئے پیشگی اقدامات کریں، انہوں نے پاکستان کی سیاست پر حملہ کیا، پارلیمنٹ کو متروک (بقیہ نمبر 30)

بیالیسویں عالمی پاکستان کانگرس آف زوالوجی جامعہ کشمیر میں منعقد ہوگی

اپریل میں منعقد ہونے والی تین روزہ عالمی کانفرنس میں دنیا بھر سے مندوبین، محققین شریک ہونگے

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر یونیورسٹی مظفر آباد کی میزبانی میں تین روزہ بیالیسویں (42nd) عالمی پاکستان کانگرس آف زوالوجی اپریل میں کنگ عبداللہ کیمپس جامعہ کشمیر میں منعقد ہو رہی ہے۔ جامعہ کشمیر کے شعبہ تعلقات عامہ سے جاری ہونے والی ایک پریس ریلیز کے مطابق پاکستان انجمن حیوانات (زوالوجیکل سوسائٹی آف پاکستان) کے تعاون سے اپریل 25-23 کو منعقد ہونے والی عالمی کانفرنس میں امریکہ، آسٹریلیا، سوئزرلینڈ، گریس اور دنیا کے مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے سائنسدان، محققین سمیت پاکستان بھر سے زوالوجی کے میدان میں تحقیق کرنے والے پروفیسرز، فیکلٹی ممبران اور طلباء بڑی تعداد میں شریک ہونگے۔ عالمی پاکستان کانگرس آف زوالوجی کے انتظامات (بقیہ نمبر 31)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website
Price: 6000/-

Call / Whatsapp
0309-7900035

فوری ضرورت

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com